تفصیل	مولوی فاضل		مولوی عالم		مولوی		منشی فاضل		منشی عالم		منشی		[illegible]	[illegible]	[illegible]
	تعداد شریک امتحان	تعداد کامیاب	تعداد شریک امتحان	تعداد کامیاب	تعداد شریک امتحان	تعداد کامیاب	تعداد شریک امتحان	تعداد کامیاب	تعداد شریک امتحان	تعداد کامیاب	تعداد شریک امتحان	تعداد کامیاب			
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
سنہ ۱۳۰۱ف	۰	۰	۰	۳	۰	۴	۰	۰	۰	۳	۰	۴	۰	۱۴	۰
سنہ ۱۳۰۲ف	۰	۰	۰	۲	۰	۲	۰	۱	۰	۱	۰	۶	۰	۱۶	۰
سنہ ۱۳۰۳ف	۰	۰	۰	۰	۰	۷	۰	۱	۰	۰	۰	۹	۰	۱۷	۰
سنہ ۱۳۰۴ف	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۳	۰	۷	۱۴	۱۰	۴
سنہ ۱۳۰۵ف	۰	۰	۰	۳	۰	۲	۰	۱	۰	۴	۰	۷	۰	۱۷	۰
سنہ ۱۳۰۶ف	۰	۲	۰	۱	۰	۷	۰	۴	۰	۴	۰	۵	۰	۲۳	۰
سنہ ۱۳۰۷ف	۰	۱	۰	۲	۰	۳	۰	۱	۰	۳	۰	۲۰	۰	۳۰	۰
سنہ ۱۳۰۸ف	۳	۳	۳	۳	۱۶	۱۰	۱	۱	۵	۲	۳۰	۱۸	۵۸	۳۷	۳۱
سنہ ۱۳۰۹ف	۲	۱	۴	۴	۱۷	۱۰	۲	۱	۱۱	۶	۲۹	۱۳	۶۵	۳۵	۳۰
سنہ ۱۳۱۰ف	۴	۴	۴	۳	۱۴	۶	۶	۲	۱۴	۹	۲۱	۱۲	۶۳	۳۶	۲۷
سنہ ۱۳۱۱ف	۲	۲	۸	۶	۱۶	۱۳	۸	۴	۷	۴	۴۴	۱۸	۸۵	۴۷	۳۸
سنہ ۱۳۱۲ف	۳	۱	۴	۱	۲۴	۱۷	۱۳	۸	۶	۶	۵۰	۲۵	۱۰۰	۵۸	۴۲
سنہ ۱۳۱۳ف	۵	۳	۷	۶	۳۰	۲۴	۱۷	۱۲	۲۰	۲۰	۷۷	۴۷	۱۵۶	۱۱۲	۴۴
سنہ ۱۳۱۴ف	۰	۱	۰	۱۲	۰	۱۲	۰	۴	۰	۱۴	۰	۱۴	۰	۵۷	۰
سنہ ۱۳۱۵ف	۰	۱	۰	۱۲	۰	۱۲	۰	۸	۰	۱۸	۰	۴۹	۰	۱۰۰	۰
سنہ ۱۳۱۶ف	۰	۵	۰	۵	۰	۱۷	۰	۱۲	۰	۳	۰	۳۶	۰	۷۸	۰
سنہ ۱۳۱۷ف	۰	۶	۰	۲	۰	۱۱	۰	۴	۰	۸	۰	۴۰	۰	۷۱	۰
جملہ	۰	۳۰	۰	۶۵	۰	۱۶۱	۰	۶۴	۰	۱۰۸	۰	۳۳۸	۰	۷۵۶	۰

سنہ ۱۵ف اسمیں مدرسہ ورنگل کا نتیجہ بھی شامل ہے۔

فہرست تعطیلات سالانہ صیغہ تعلیمات ملک سرکار عالی - ۲۸- آذر سنہ ۱۳۱۶ف م ۱۴ شعبان سنہ ۱۳۲۴ھ

شمار	نام تعطیل	تعداد یوم	شمار	نام تعطیل	تعداد یوم	شمار	نام تعطیل	تعداد یوم
	عام							
۱	دسہرہ۔	۲	۱۳	سورج گرہن۔	۱	۲۳	یازدہم شریف	۱
۲	دیوالی۔	۱	۱۴	جنم اشٹمی	۱	۲۴	عرس اجمیر شریف	۱
۳	تل سنکرات۔	۱	۱۵	گنیش چوتھ	۱	۲۵	عرس کوہ مولا۔	۲
۴	بسنت پنچمی۔	۱	۱۶	اننت چودس	۱	۲۶	شب معراج۔	۱
۵	مہاشیوراتری۔	۱						
۶	سالگرہ ملکہ معظمہ مرحومہ	۱		اہل اسلام			موسمی	
۷	سالگرہ ایڈورڈ ہفتم	۱	۱۷	شب برات	۲	۲۷	گرما۔	۴۵
۸	سالگرہ اعلیحضرت قدر قدرت	۱	۱۸	شب قدر ماہ رمضان	۳	۲۸	سرما۔	۲۷
۹	ہولی و دہولینڈی	۱	۱۹	عیدالفطر	۴			
۱۰	اوگادی۔	۱	۲۰	عیدالضحیٰ	۵	عام	اسلام	موسمی
۱۱	راکھی پونم۔	۱	۲۱	عشرہ شریف	۸	۱۸	۲۹	۷۲
۱۲	چاند گرہن۔	۱	۲۲	دوازدہم شریف	۱	یوم	یوم	یوم

(از جریدہ مطبوعہ مورخہ ۷ا آذر سنہ ۱۳۱۶ف جلد ۳۸ نمبر ۳ صفحہ ۳۶ جز اول -)

تختۂ مندرجۂ بالا سنہ ۱۳۲۴ھ کا ہی جسکا عملدرآمد اسوقت تک تھا۔ لیکن حسب رزولیوشن ۲ بہمن سنہ ۱۳۱۷ف م ۵ ذیقعدہ سنہ ۱۳۲۵ھ ان تعطیلات مین جو تغیر و تبدل ہوا ہی وہ ذیل مین درج کیا جاتا ہی۔

• تمام مدارس مین جہان جمعہ و یکشنبہ کو تعطیل ہوتی ہی یکشنبہ کی تعطیل موقوف کی جائے۔ جن مدارس مین

مدرسین عیسائی ہوں وہاں یکشنبہ کے روز صرف عیسائی مدرسین وطلبار کی حاضری کی ضرورت نہیں ہی۔ اُن کے لیے اُس روز تعطیل سمجھی جائے اور غیر حاضری کا عمل نہ ہو بقیہ دیگر مدرسین وطلبار حسب دستور حاضر رہیں۔ مدرسے کھلے رہیں اور کام جاری رہی۔ بروز یکشنبہ صدر مدرسین یا مدرسین عیسائی کی عدم موجودگی میں اُنکے مددگار اول و دوم یا سوم جو عیسائی نہوں کام کے ذمہ دار رہیں۔ دیگر تعطیلات موسمی وغیرہ جنکی سالانہ تعداد (۸۶) یوم ہی بعد ترمیم ۶۴ یوم کی تعطیل حسب ذیل تجویز کیجاتی ہی تابستان ۳۰ یوم۔ زمستان ۱۰ یوم۔ ماہ صیام و عید الفطر ۸ یوم۔ عید الضحیٰ ۶ یوم ہولی ۴ یوم دسہرہ ۳ یوم۔ دیوالی ۳ یوم۔ جملہ ۶۴ یوم۔ علاوہ تعطیلات مذکورۂ بالا کے دیگر تعطیلات میں چونکہ کسی تبدیلی کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی ہی۔ لہذا تعطیلات مذکور حسب معمول جاری رکھی جائیں۔ اس رزولیوشن کا کوئی اثر نظام کالج اور مدرسۂ عالیہ پر نہیں پڑیگا۔ فقط دستخط مولوی عزیز مرزا منصرم معتمد عدالت و کوتوالی و امور عامہ۔

تختہ اخراجات تعلیمات بابتہ سنہ ۱۳۱۵ فصلی۔

نام ابواب معہ تعداد اشخاص	رقم	نام ابواب معہ تعداد اشخاص	رقم	نام ابواب معہ تعداد اشخاص	رقم
١	٢	١	٢	١	٢
دفتر نظامت ۳۵	[illegible]	درجۂ اوسط		بیدر ۱۳	[illegible]
دفتر نظارت مستقر بلدہ ۹	[illegible]	مدرسۂ عالیہ ۳۳	[illegible]	میزان ہائی اسکول اضلاع	[illegible]
دفتر مہتمان اہتمامات ۴۵	[illegible]	ہائی اسکول چادر گھاٹ ۳۳	[illegible]	میزان درجۂ اوسط	[illegible]
نظارت ۳۲	[illegible]	ہائی اسکول بلدہ ۳۰	[illegible]	درجۂ اول مڈل اسکول الف	
تعلیم درجۂ اعلیٰ		میزان ہائی اسکول بلدہ	[illegible]	مڈل اسکول درجۂ اول ۱۵۵	[illegible]
نظام کالج ۱۷	[illegible]	ہائی اسکول اضلاع		" " دوم ۲۰۶۷	[illegible]
مدرسۂ دار العلوم ۲۹	[illegible]	گلبرگہ ۱۸	[illegible]	میزان مڈل اسکول	[illegible]
اورنگ آباد کالج	[illegible]	ورنگل ۱۷	[illegible]	تعلیم ابتدائی	
میزان درجۂ اعلیٰ	[illegible]	اورنگ آباد ۱۷	[illegible]	تعلیم ابتدائی پرائمری الف ۱۷۸	[illegible]

نام الواب مع تعداد اشخاص	رقم	نام الواب مع تعداد اشخاص	رقم	نام الواب مع تعداد اشخاص	رقم
۱	۲	۱	۲	۱	۲
لوور پرائمری ۱۲ ب	[illegible]	مدارس دینیات	[illegible]	وظائف طلباء	
میزان تعلیم ابتدائی	[illegible]	میزان	[illegible]	کالج ہا۔	[illegible]
تعلیم المعلمین ۱۴۱	[illegible]	مدرسہ غیر ملکی		ہائی اسکول۔	[illegible]
مدارس صنعت وحرفت و		مدرسہ دیوبند	[illegible]	مڈل اسکول۔	[illegible]
انجنیری۔		علی گڈھ کالج	[illegible]	نارمل اسکول حیدرآباد	[illegible]
مدرسہ صنعت وحرفت حیدرآباد	[illegible]	میزان	[illegible]	مدارس صنعت وحرفت	[illegible]
" اورنگ آباد	[illegible]	میزان امدادی	[illegible]	تعلیم یابان ممالک غیر	[illegible]
انجنیرنگ اسکول بلدہ	[illegible]	امداد کتب خانہ جات وغیرہ	[illegible]	میزان	[illegible]
میزان	[illegible]	کتب خانہ نظام کالج	[illegible]	متفرقات	[illegible]
لا کلاس ۲	[illegible]	البرٹ ریڈنگ روم	[illegible]	جملہ میزان تعلیمات	[illegible]
مدارس امدادی		دائرۃ المعارف	[illegible]	خرچ خزانہ سے	
مدارس بلدہ		ہیوز ٹون لائبریری	[illegible]	ہوا ہے۔	
ہائی اسکول "	[illegible]	واقع باکوارم۔		مدارس بلدہ و اضلاع	
مڈل اسکول درجہ اول	[illegible]	گرامر اسکول لائبریری چادر گھاٹ	[illegible]	منجملہ سرمایہ فیس تعلیمات	
" دوم	[illegible]	کتب خانہ اسلامیہ سکندرآباد	[illegible]	اخراجات سرمایہ	[illegible]
مدارس اپر پرائمری	[illegible]	امداد تصانیف مولوی حسن زماں صاحب	[illegible]	فیس۔	
" لوور پرائمری	[illegible]	میزان۔	[illegible]	صدر میزان	[illegible]
نارمل اسکول	[illegible]	کتب خانہ آصفیہ	[illegible]		

طبابت

بلدۂ حیدرآباد مین بزمانہ محمد قلی قطب شاہ (سنہ ۱۰۰۴ھ) مکان دار الشفا تعمیر ہوا - اس مین غربا کو مفت دوا فصل ۱۱
دیجاتی تھی اور حکما متقرر کیے گئے تھے مریضونکی کافی نگہداشت کی جاتی تھی اور مریضونکی سکونت کیلیئے متعدد کمرے
تعمیر ہوئے تھے چنانچہ اسوقت بھی مکان دار الشفا جو نہایت ہوچکا ہی اُس کے چند حجرے بحالت شکستہ موجود ہین - اور
مکان دار الشفا کے قریب ہی - ایک مسجد بھی محمد قلی قطب شاہ کے زمانہ کی موجود ہی اور یہہ محلہ دار الشفا ہی کے نام سے
مشہور ہی -

سنہ ۱۲۵۲ف ۱۲۵۷ھ مین بلدۂ فرخندہ بنیاد مین یہہ اطبا موجود تھے - ۱- غلام حسین خان - ۲- حکیم سید صاحب - ۳- حکیم مسیح الزمان خان
۴- احمد یار خان محی الدولہ - ۵- حکیم رضا علی خان - ۶- سید فضل علی المخاطب شفائی خان -

یہہ لوگ مقرب حضور پر نور تھے اور اپنے ہنر مین کامل تھے - اور باہر سے آکر انھون نے یہان رسوخ
اور شہرت پیدا کی تھی مگر ایسی بڑی آبادی کو جیسی کہ اس شہر کی ہی اسقدر اطبا غیر کافی تھے اور غربا وغیرہ کی
تو ان کے یہان رسائی بھی نہین ہوتی تھی اسوجہ سے اکثر غربا جھاڑ - پھونک اور منتر - جنتر تعویذ گنڈے
فتیلہ کرنے والون کے پاس رجوع ہوتے تھے - اسی زمانہ مین عبد القادر نامی شخص جو ترپ بازار مین
رہتا تھا اور ڈیٹن صاحب تعلقدار کے پاس چپراسیون مین ملازم تھا - کونین وغیرہ انگریزی ادویہ سے
واقف ہوکر علاج معالجہ کرنے لگا - اور بہت مشہور ہوکر مالدار ہوگیا تھا -

سنہ ۱۲۵۱ف ۱۲۵۷ھ مین نواب ناصر الدولہ مرحوم غفران منزل کا مزاج ناساز ہوا - اور حرقت البول کی شکایت ہوگئی
یونانی اطبا کے علاج سے کوئی فائدہ نہ ہوا - ایک روز فریزر صاحب بہادر رزیڈنٹ دربار مین
حاضر ہوئے حضرت کا مزاج علیل دیکھکر کیفیت دریافت فرمائی - غفران منزل نے بیماری کی
وجہ ظاہر کی اور ارشاد فرمایا کہ ڈاکٹری علاج کی بڑی تعریف سنی جاتی ہی - صاحب عالیشان بہادر نے
کہا کہ ایما ہو تو ڈاکٹر حاضر کیا جائے - حضرت نے ارشاد فرمایا کہ ڈاکٹری علاج اس شرط پر کیا جائیگا
کہ دوا کا استعمال نکیا جائے صرف بیرونی علاج کیا جایئے جیسا کہ حکیم علوی خان نے نادر شاہ کے درد
سر کا علاج کیا تھا - رزیڈنٹ صاحب نے ڈاکٹر مکلین رزیڈنسی سرجن کو پیش کیا اور ڈاکٹر مذکور نے

صرف غذا کا انتظام کر کے تین مہینے میں مرض کو زائل کر دیا۔ حضرت خوش ہوئے اور ملک سرکار عالی میں ڈاکٹری کے مدرسہ کھولنے کا حکم صادر فرمایا۔ چنانچہ ۱۸۴۶ء / ۱۲۶۱ھ میں توپ کے سانچہ کے قریب ایک اسکول قایم کیا گیا۔ اور یہہ حیدرآباد میڈیکل اسکول تھا جس میں حیدرآباد کے صیغہ طبابت کے اعلیٰ اور ادنیٰ افسران اور برار کے ہاسپٹل اسٹیٹونکی عمدہ تربیت ہوتی تھی پہلے اردو میں تعلیم ہوتی تھی جس میں اسماء ذیل نے تعلیم پائی اور کامیاب ہوئے۔ رسالہ طبابت حیدرآباد سنہ ۱۲۷۷ھ میں اس اسکول سے جاری ہوا تھا۔

۱۔ محمد یعقوب۔ ۲۔ محمد باقر علی۔ ۳۔ غلام حسین۔ ۴۔ برہنہ شریف۔ ۵۔ خواجہ اشرف۔ ۶ محمد حسین۔ ۷۔ غلام جیلانی۔ ۸۔ سید عمر۔ ۹ غلام محمد۔ ۱۰۔ عین خان۔ ۱۱۔ ببر خان۔ ۱۲ فیض اللہ خان۔ ۱۳۔ محمد مولانا۔ ۱۴۔ فقیر صاحب۔ ۱۵۔ وزیر علی۔ ۱۶۔ شفائی خان۔ ۱۷۔ امرز علی۔ ۱۸۔ محمد اشرف۔ ۱۹ شمس الدین۔ آٹھ سال میں۔ ۱۹۔ طالب العلم کامیاب ہوئے۔ سب سے پہلے بلدہ میں محمد اشرف اور فیض اللہ خان نے مطب جاری کیا۔ نواب مختار الملک اول کے زمانہ سے اس میں روز بروز ترقی ہوتی رہی۔ اور سنہ ۱۸۸۴ء میں اسکی زبان بھی انگریزی کر دی گئی۔ سنہ ۱۸۸۵ء تک امتحان بذریعہ سکندرآباد میڈیکل بورڈ کے ہوتا تھا۔ مگر اُس کے بعد سے تحریری امتحان کے پرچے مدراس یا بمبئی کے میڈیکل کالجوں سے آتے ہیں اور زبانی امتحان کے لیے سکندرآباد سے ایک بورڈ مقرر ہوتا ہی۔ نصاب تعلیم مدارس کے ال۔ ایم۔ اس کے برابر ہے۔

سنہ ۱۸۴۶ء / ۱۲۵۵ف سے لیکر آج تک شفاخانہ افضل گنج میں جو افسران طبی مقرر کیے گئے وہ حسب ذیل ہیں۔

نمبر	نام ڈاکٹر	سنہ تقرر	نمبر	نام ڈاکٹر	سنہ تقرر
۱	ڈاکٹر ٹمپلٹن	سنہ ۱۸۴۶ء / ۱۲۵۵ف	۵	ڈاکٹر وِنڈو ثانی	سنہ ۱۸۷۲ء / ۱۲۸۱ف
۲	ڈاکٹر ریڈ۔ منصرم۔	سنہ ۱۸۶۷ء / ۱۲۷۷ف	۶	سلطان الحکما وزیر علی	•
۳	ڈاکٹر وِنڈو	سنہ ۱۸۶۷ء / ۱۲۷۷ف	۷	حکیم الممالک مرزا علی خان	•
۴	ڈاکٹر لا۔ منصرم	سنہ ۱۸۷۰ء / ۱۲۸۰ف	۸	ڈاکٹر لوینٹ۔	سنہ ۱۸۸۱ء / ۱۲۹۱ف

سلہ ۲۵ مارچ سنہ ۱۸۸۴ء کو آپ رخصت بیماری لیکر ولایت گئے اور آنکی جگہہ مسٹر جانسٹن صاحب مدرسہ طبابت کو انجام دیتے رہے۔

نمبر	نام ڈاکٹر	سنہ تقرر	نمبر	نام ڈاکٹر	سنہ تقرر
۱	۲	۳	۱	۲	۳
۹	ڈاکٹر لفٹنٹ کرنل بی۔ اے۔ لائنگ ۱؎	۱۷ اپریل سنہ ۱۸۸۵ء ۱۲۹۴ف	۱۱	ڈاکٹر لفٹنٹ کرنل ایس۔ آر۔ شوریم۔ ڈی۔ ای۔ ایم ایس	۲۵ اپریل سنہ ۱۹۰۸ء ۱۳۱۷ف
۱۰	ڈاکٹر لفٹنٹ کرنل۔ جی۔ ایچ۔ بی۔ ڈی۔ گملیٹ ۲؎	۱۷ مئی سنہ ۱۹۰۱ء ۱۳۱۰ف			

پہلے دونون شفاخانے یعنی رزیڈنسی اور افضل گنج ایک ہی سرجن کے تحت مین رہا کرتے تھے لیکن یکم نومبر سنہ ۱۹۰۸ء ۱۳۲۶ سے افضل گنج کا سرجن جدا کیا گیا۔ اور رزیڈنسی ہاسپٹل پر ڈاکٹر کیاپٹن ہل کا تقرر ہوا۔ بعد ازان اس جگہہ پر بتاریخ ۵ جنوری سنہ ۱۹۰۹ء کو ڈاکٹر لمسڈن مقرر ہوئے۔ آخر دسمبر سنہ ۱۹۰۸ء مین بجائے ڈاکٹر عبد الحسین صاحب ہوس سرجن۔ ڈاکٹر گرٹن ہوس سرجن مقرر ہوئے۔

مدرسہ طبابت بہ سرپرستی ڈاکٹر سیکفن ۹ ستمبر سنہ ۱۸۴۶ء کو جاری ہوا۔ چیچک برآری کا کام ممالک محروسہ سرکار عالی مین سنہ ۱۸۵۴ء ۱۲۶۳ف مین آغاز ہوا۔

سنہ ۱۸۵۴ء ۱۲۶۳ف مین بلوارم مین میڈیکل اسکول قایم ہوا۔ سنہ ۱۸۵۶ء ۱۲۶۵ف مین شفاخانہ رزیڈنسی کی تعمیر شروع ہوئی اور سنہ ۱۸۵۷و۵۸ء ۱۲۶۶و۶۷ف کے اثنا مین شفاخانہ رزیڈنسی کہولا گیا۔ سنہ ۱۸۶۰ء ۱۲۷۰ف مین افضل گنج کا شفاخانہ تعمیر ہونا شروع ہوا اور ۱۱۔ اگسٹ م ۲۷ شہریور سنہ ۱۸۶۶ء ۱۲۷۶ف کو دواخانہ افضل گنج کی عمارت مکمل ہوئی۔ یکم رمضان سنہ ۱۳۲۶ روز دوشنبہ کو طغیانی رود موسی کی وجہ سے اس کے اندر پانی بہر گیا اور تمام حصے اسکے گر گئے۔ اور کل ادویات وسامان خراب ہوگیا۔ چند مریض بھی ضایع ہوئے۔ اوائل دسمبر سنہ ۱۹۰۸ء ۱۳۲۶ مین یہہ شفاخانہ بالکل خالی کردیا گیا اور رزیڈنسی ہاسپٹل مین منتقل ہوا۔

۱؎ ۱۴ جولائی سنہ ۱۸۹۷ء کو تین ماہ کی رخصت پر بہ ہمراہی ڈاکٹر لٹل صاحب ولایت روانہ ہوئے اور ۱۹ اکتوبر سنہ ۱۸۹۷ء کو واپس آنکر اپنی خدمت کا جائزہ لیا ۲۱ مئی سنہ ۱۹۰۱ء کو بعد وظیفہ یابی ولایت روانہ ہوئے۔

۲؎ ۲۷ خورداد سنہ ۱۳۱۱ف کو ڈاکٹر مذکور ۶ ماہ کی رخصت پر ولایت گئے اُن کی جگہہ پر ڈاکٹر بروک من منصرمانہ طور پر کام کو انجام دیتے رہے۔ اور ۱۴ مارچ ۱۷ سنہ ۱۹۰۸ء ۱۳۱۷ف کو ڈاکٹر تہامسن مددگار کو اپنی خدمت کا جایزہ دیکر ولایت چلے گئے۔

۱۷ امر تیر سنہ ۱۲۸۳ف م ۲۹ مے ۔ ۷ استمبر سنہ ۱۸۷۴ء کو رزیڈنسی سرجن ڈاکٹر بیم برٹن زہر کھا کر مر گیا ۔

پردہ نشین مستورات کے لیے بلدہ حیدرآباد مین طبی امداد کا آغاز سنہ ۱۸۸۰ء ۱۲۸۹ف مین افضلگنج ہاسپیتال مین بسر کردگی مسز فیلوز (جو سابق مین مس وہائٹ تھین) ایک زنانہ ڈپارٹمنٹ قایم کیا گیا ۔ اس ڈپارٹمنٹ مین ۱۱ ۔ چھوٹے کمرے ہین جنمین سے ہر ایک مین ایک ایک مریضہ اور ایک کمرے مین ۵ مریضہ مستورات کے رہنے کی گنجایش ہی ۔ کچھ کمرے اوٹ پیشینٹ پردہ نشین عورتون کے لیے مخصوص کیے گئے ہین مسز فیلوز اور انکی مددگار لیڈیان شفاخانہ افضلگنج مین ۲۵ سال سے خدمات انجام دی رہی ہین ۔ اس عرصہ مین غریب طبقہ کے پردہ نشین عورتون کو بہت کچھ طبی مدد و اعانت ملی ۔ اور لیڈی ڈاکٹرون کی تعداد بڑہتے بڑہتے ۱۲ تک پہنچ گئی ہی جن مین باستثناء مس لبورڈ من جنکا تقرر سنہ ۱۸۹۱ء ۱۳۰۰ف مین ہوا ۔ اور مس ایوانس کے جو ولایت کی تعلیم یافتہ ہین باقی سب حیدرآباد میڈیکل اسکول کی تعلیم یافتہ ہین اور ۷ بلدہ مین اور ۵ اضلاع کے بڑے بڑے دواخانون مین ہین ۔

سنہ ۱۸۸۳ء ۱۲۹۳ف سے رزیڈنسی میڈیکل اسکول مین طلبا کو اردو زبان مین تعلیم دینا موقوف ہوئی اور انگریزی زبان مین فن ڈاکٹری کی تعلیم شروع ہوئی ۔

پہلے سررشتہ طبابت ماتحت معتمد متفرقات تھا ۔ بعد تخفیف دفتر مذکور حسب جریدہ غیر معمولی ۲۹ بہمن سنہ ۱۲۹۴ف معتمد دفتر انگریزی کے تحت ہوا ۔

سنہ ۱۸۸۷ء ۱۲۹۶ف کو سررشتہ طبابت زیر نگرانی میجر گاف ہوا ۔ ۲۳ مے سنہ ۱۸۹۱ء ۱۵ تیر سنہ ۱۳۰۰ف کو ۱۔ مطب یونانی اور ایک مدرسہ یونانی سرکار کے جانب سے بلدہ مین قایم ہوا ۔ ۱۔ حکیم احمد سعید افسر الاطبا ۔ ۲۔ حکیم مرزا اسحاق علی ۔ ۳۔ حکیم نواب مرزا ۔ اطبا مقرر ہوئے ۔ اور مدرسہ زیر نگرانی حکیم احمد سعید صاحب رہا ۔

۱۵ امرداد سنہ ۱۳۰۰ف ابتدائے افتتاح مطب یونانی سے اسکا عام انتظام ایک خاص مجلس کے سپرد تھا جو مجلس انتظام مطب یونانی کے نام سے موسوم تھی اور یہہ مجلس سنہ ۱۳۰۶ف تک اپنے فرائض کو ادا کرتی رہی اسکے بعد سرکار نے مجلس کو توڑ کر بجائے اسکے بورڈ آف ڈیریکٹر مقرر فرمایا جس نے ۹ خورداد سنہ ۱۳۰۶ف لغایت ۱۶ امہر سنہ ۱۳۰۶ف تک مستعدی کے ساتھ کام کیا ۔ بعد ازان بورڈ نے استعفا دیدیا ۔ جو منظور کیا گیا ۔ بورڈ کے

برخاست سے فیمابین محکمہ سرکار و افسر الاطبا یونانی جو واسطہ درمیانی تھا وہ باقی نہ رہا۔ لہذا افسر الاطبا یونانی نے محکمہ سرکار سے راست کارروائی کرنا شروع کی اور افسر الاطبا کی کارروائی پر محکمہ طبابت کی نگرانی رہی۔ اور شفاخانوں کی تنقیح بذریعہ معتمد سرکار یا مددگاران معتمد ہوا کی۔ بلدہ کے علاوہ اضلاع پر بھی یونانی شفاخانے ہیں۔ اور ان کے اخراجات لوکل فنڈ سے ادا ہوتے ہیں۔ اور ان شفاخانوں پر اکثر مدرسہ طبیہ یونانی کے پاس شدہ مقرر ہیں۔

جولائی ۱۸۹۱ء ۱۳۰۰ف سے مہتمم دواخانہ جات کے عہدہ کا نام ناظم دواخانہ جات سرکار عالی رکھا گیا اور ماہ ستمبر ۱۸۹۱ء ۱۳۰۰ف و اکتوبر و نومبر میں کلوروفام کمیشن بلدہ میں آیا تھا۔ اور میڈیکل اسکول میں بندر۔ کتوں۔ اور گھوڑوں پر کلوروفام کا تجربہ کیا گیا تھا۔

۲۵ اردی بہشت ۔۳ مارچ ۱۸۹۲ء ۱۳۰۱ف کو سررشتہ طبابت ہوم آفس کے تحت میں کیا گیا۔

۱۸ خورداد ۱۳۰۵ف کو بوجہ انتقال حکیم احمد سعید صاحب افسر الاطبا ان کی جگہ پر ڈاکٹر محبوب حسین صاحب نیل سوف جنگ کا تقرر ہوا۔ اور ۱۴ بہمن ۱۳۱۷ف کو آپ کا انتقال ہوا۔ آپ کی جگہ حکیم الطاف حسین صاحب حاذق جنگ مقرر ہوئے۔

۱۰ فروردی م ۱۱ فروری ۱۸۹۷ء ۱۳۰۶ف سے بوجہ شیوع مرض طاعون مسافروں کے لیے بمقام اسٹیشن واڑی اور چند مقامات پر بھی قرنطینہ قائم کیا گیا۔

۲ دے م ۱۶ نومبر ۱۹۰۱ء ۱۳۱۱ف کو پلیگ ڈپٹی کمشنر کی خدمت تخفیف ہوئی اور مسٹر اسٹیونس اصلی خدمت مہتمم صفائی پر واپس ہوئے۔

۲۹ فروردی م ۲ مارچ ۱۹۰۲ء ۱۳۱۱ف سے حکما اور ڈریسروں کا لقب حسب ذیل تبدیل ہوا۔

حکما		ڈریسران	
قدیم لقب	تبدیل شدہ لقب	قدیم لقب	تبدیل شدہ لقب
۱	۲	۱	۲
حکیم درجہ سوم	اسسٹنٹ سرجن	ڈریسر درجہ سوم	ہاسپٹل اسسٹنٹ سرجن سوم

حکما		ڈریسران	
قدیم لقب	تبدیل شدہ لقب	قدیم لقب	تبدیل شدہ لقب
۱	۲	۱	۲
حکیم درجۂ دوم	سینیر اسسٹنٹ سرجن	ڈریسر درجۂ دوم	ہاسپٹل اسسٹنٹ سرجن درجۂ دوم
حکیم درجۂ اول	سرجن	" " اول	" " اول

۲۳ آبان م ۲۹ ستمبر ۱۹۰۱ء / ۱۳۱۱ف کو دیسی دائیون کے واسطے ایک ٹریننگ اسکول کھولا گیا اس مدرسہ کے اخراجات وکٹوریہ میموریل فنڈ سے ادا کیے گئے۔ اس مدرسہ سے ۵ دیسی دائیان کامیاب ہوئین۔

یکم آذر م ۷ اکتوبر ۱۹۰۳ء / ۱۳۱۳ف کو بیرون بلدہ قریب کنٹہ گوشہ محل کرایہ کے مکان مین عارضی زچگی خانہ قایم ہوا جس مین ۱۲ مریضون کے رہنے کی گنجایش تھی۔ اس مین جنوری ۱۹۰۶ء تک ۸۸۱ زچگیان ہوئین اکثر کا نتیجہ قابل اطمینان ہوا۔

۹ فروردی م ۹ فروری ۱۹۰۶ء / ۱۳۱۵ف روز جمعہ مغرب کے ۵ بجے شہزادی ذیلم کے دست مبارک سے امین باغ مین وکٹوریہ زنانہ ہاسپتال کا بنیادی پتھر رکھا گیا۔ اعلحضرت قدر قدرت بوجہ انتقال پر ملال صاحبزادی صاحبہ جلسہ مین شریک نہ ہو سکے۔ یکم رمضان ۱۳۲۶ھ روز دوشنبہ کو طغیانی رود موسی کیوجہ سے اسکے اکثر حصے ٹوٹ کر بہہ گئے۔ کیونکہ اس کے کمرون کے اوپر سے پانی بہا تھا۔ درمیانی حصہ کسیقدر محفوظ رہا۔ اسمین جسقدر مریض تھے وہ سب ضائع ہوئے۔

ماہ فروردی م اوائل ماہ مارچ ۱۹۰۷ء / ۱۳۱۶ف سے میڈیکل اسکول مین جمعہ کی تعطیل قرار پائی۔

متی بائی ہاسپٹل

اسکو خان بہادر مسٹر شاہ پورجی ایڈل جی چینائی نے اپنی بی بی کے یادگار مین قریب شاہ پور رمنا ۱۸۹۷ء مین تعمیر کرایا۔ اور اس مین غربا کو مفت دوا دیجاتی تھی۔ بعد ازان اس دواخانہ کے مکان کو سرکار عالی نے خرید لیا۔ اور ریتہ تالاب سکندرآباد ۱۹۰۱ء مین دواخانہ کے لیے جدید عمارت تعمیر کرائی گئی۔ اس مین اب دواخانہ ہے۔

صدر تختہ اخراجات طبابت بابتہ ۱۳۱۵ ف

نمبر	نام ابواب مع تعداد اسمار	رقم	نمبر	نام ابواب مع تعداد اسمار	رقم	نمبر	نام ابواب مع تعداد اسمار	رقم
۱	۲	۳	۱	۲	۳	۱	۲	۳
	ناظم دواخانہ جات		۱۵	ابواب مشترکہ	[illegible]	۲۸	صادر بموجب تقرر	[illegible]
۱	مددگار ناظم - ۱	[illegible]		میزان نظارت ۱۴	[illegible]	۲۹	ابواب مختصہ	[illegible]
۲	اہلکاران وغیرہ - ۱۴	[illegible]		مدرسہ طبابت			میزان مخزن ادویہ ۱۹	[illegible]
۳	ڈریسر زائد - ۲	[illegible]	۱۶	لکچرار ۱	[illegible]	۳۰	دواخانہ جات بلدہ - دواخانہ افضل گنج ۷	[illegible]
۴	چپراسیان - ۱۱	[illegible]	۱۷	اہلکاران وغیرہ - ۲	[illegible]	۳۱	سول سپنسری - ۱۵	[illegible]
۵	الونس -	[illegible]	۱۸	چپراسیان ۶	[illegible]	۳۲	دواخانہ کوتوالی ۷	
۶	صادر بموجب تقرر	[illegible]	۱۹	وظیفہ -	[illegible]		اندرون و بیرون بلدہ ۵ ۱۲	[illegible]
۷	ابواب مشترکہ	[illegible]	۲۰	الونس	[illegible]	۳۳	دواخانہ کاروان ۹	[illegible]
۸	ابواب مختصہ	[illegible]	۲۱	صادر بموجب تقرر	[illegible]	۳۴	دواخانہ بیرون بلدہ ۱۷	[illegible]
	میزان دواخانہ جات ۳۲	[illegible]	۲۲	ابواب مشترکہ	[illegible]	۳۵	دواخانہ علی آباد - ۱۰	[illegible]
	نظارت			میزان مدرسہ طبابت - ۹	[illegible]	۳۶	دواخانہ دودباولی ۸	[illegible]
۹	ناظم دواخانہ جات - ۲	[illegible]		مخزن ادویہ		۳۷	دواخانہ سلطان شاہی ۹	[illegible]
۱۰	اہلکاران - ۲	[illegible]	۲۳	مددگار اسٹور کیپر ۱	[illegible]	۳۸	دواخانہ یاقوت پورہ ۷	[illegible]
۱۱	چپراسیان - ۲	[illegible]	۲۴	اہلکاران وغیرہ ۶	[illegible]		میزان دواخانہ جات	[illegible]
۱۲	خلاصیان - ۴	[illegible]	۲۵	دواسازان - ۶	[illegible]		بلدہ و بیرون بلدہ - ۱۵۴	
۱۳	الونس	[illegible]	۲۶	چپراسیان ۴	[illegible]		دواخانجات اضلاع	
۱۴	صادر بموجب تقرر	[illegible]	۲۷	الونس	[illegible]	۳۹	حکیمان ۵۷	[illegible]

نمبر	نام ابواب مع تعداد اسامی	رقم	نمبر	نام ابواب مع تعداد اسامی	رقم	نمبر	نام ابواب مع تعداد اسامی	رقم
۱	۲	۳	۱	۲	۳	۱	۲	۳
۴۰	ناظران چیچک برآرش	[illegible]	۵۰	اخراجات انسداد مرض طاعون	[illegible]	۵۸	ابواب مشترکہ	[illegible]
۴۱	ہاسپٹل اسسٹنٹ ۱۳	[illegible]					میزان دواخانجات ۴۳	[illegible]
۴۲	سینیر کمپونڈران ۶	[illegible]	۵۱	متفرقات	[illegible]		مدرسہ یونانی	
۴۳	کمپونڈر ۶۷	[illegible]		میزان مطب انگریزی ۶۸۹	[illegible]	۵۹	مدرس - ۱	[illegible]
۴۴	محرران ناظر چیچک برآر	[illegible]		مطب یونانی		۶۰	چپراسی - ۱	[illegible]
۴۵	ملازمین - ۳۰۴	[illegible]		دواخانجات			میزان مدرسہ یونانی ۲	[illegible]
۴۶	الونس حکمار	[illegible]	۵۲	حکمار ۳	[illegible]		مخزن ادویہ	
۴۷	صادر بموجب تقرر	[illegible]	۵۳	مددگاران - ۵	[illegible]	۶۱	داروغہ - ۱	[illegible]
۴۸	ابواب مشترکہ	[illegible]	۵۴	اہلکاران - ۱۵	[illegible]	۶۲	عملہ ملازمین - ۴	[illegible]
۴۹	ابواب مختصہ	[illegible]	۵۵	چپراسیان وغیرہ - ۱۸	[illegible]	۶۳	ابواب مختصہ	[illegible]
	میزان دواخانجات اضلاع ۴۶۳	[illegible]	۵۶	الونس - ۲	[illegible]		میزان مخزن ادویہ ۵	[illegible]
			۵۷	صادر بموجب تقرر	[illegible]		میزان مطب یونانی ۵۰	[illegible]
							صدر میزان طبابت [illegible]	[illegible]

باب ۴

مالگزاری

فصل ا

بزمانہ سابق عموماً دکن اور خاصکر ممالک محروسہ سرکار عالی مین مالگزاری کا انتظام مستاجرون کے ذریعہ سے ہوتا تھا۔ مستاجر لوگ تعلقدار کہلاتے تھے لیکن سرکار سے تنخواہ نہین پاتے تھے۔ اُن کے قبضہ داری کی کوئی مدت معین نہ تھی۔ اکثر اوقات باقی داری کی باعث یہہ لوگ خدمت سے موقوف بھی ہوجاتے تھے۔

مستاجری کی دو صورتین تھین ایک تعہد سرشتہ بالمقطعہ اور دوسرے امانی۔

تعہد کا قول کل پرگنہ کے جمع پر تعہددار کو دیا جاتا تھا۔ اور امانی کی صورت یہہ تھی کہ جسکو کوئی پرگنہ تفویض ہوتا تھا وہ رقم مالگذاری بعنوان تحصیل خام سرکار مین داخل کرتا تھا۔ انتظام فوجداری پرگنہ بھی اُس کے تفویض ہوتا تھا۔ اگر امانت دار عملہ اپنی طرف سے رکھتا تھا تو اسکو حق السعی کی رقم معہ خرچہ عملہ فی روپیہ ۲ ملتی تھی۔ اور اگر عملہ سرکار کے جانب سے مقرر ہوتا تھا۔ تو اس کو صرف ۳ پائی یا کچھہ کم و بیش حق السعی کی رقم دیجاتی تھی۔ اُن مستاجرون کے رقم تعہد کے مقرر کرنے مین اول تو پرگنہ یا گانون کی حیثیت کا کچھ خیال نہین ہوتا تھا۔ اور دوسری رعایا پر تعہددار یا امانت دار کا ظلم نہایت ہی نامواجب تھا۔ کاشتکارون کو زراعت کی ترغیب دلانے کی غرض سے مستطان دیہہ پہلے تو زمینات کا قول نرم و ملایم دہارہ سے دیتے تھے۔ مگر قول شکنی کا ارادہ ضرور ہمیشہ دل مین رکھتے تھے۔ اور جب فصل تیار ہو جاتی تھی تو خلاف شرائط قول جو کچھہ جبر یا فریب سے زیادہ مل جائے اُسکو حاصل کرلنے کی فکر کرتے تھے۔

مستاجرون کے ذریعہ سے مالگذاری اراضی کا انتظام خصوصاً جبکہ اختیارات عدالتی (دیوانی فوجداری) بھی اُن کے تفویض تھے۔ نہایت مضرت بخش تھا۔ رعایا کو زیادہ ستانے کی دادرسی کا موقع نہین ملتا تھا۔ ہان البتہ جب کبھی کسی موضع کی رعایا اپنے گانون کو چھوڑ کر بلدہ آکر شکایت کرتی تھی تو شاکی رعایا کی دادرسی اسی طرح کی جاتی تھی کہ اُن کو کچھہ اخراجات دیکر رخصت کیا جاتا تھا۔ اور تعہد فسخ ہوتا تھا جب رعایا پر سے رقم وصول طلب رہجاتی تھی۔ تو اُس کے وصول کی تعہددار یا مقطعہ دار کو کوئی قانونی سبیل نہین تھی۔ اور جب تعہددار خود با اقتدار رہتا تھا۔ تو اُس سے رقم مذکور بذریعہ جمعیت متعینہ وصول کرائی جاتی تھی۔

اضلاع مرہٹواڑی مین بلا تعین رقبہ آراضی مزروعہ و غیر مزروعہ تعہد کی رقم بطور اندازہ قرار دیجاتی تھی۔ اور تلنگانہ مین شالی زار کے لیے بٹائی کا دستور جاری تھا۔ اور فصل خریف کی رقم نقد وصول کی جاتی تھی کاغذات مین بیگھون کی تعداد بطور اندازہ لکھی جاتی تھی۔ بہرحال یہہ سب ایسے امور تھے جو مالگذاری کی

خلاف تھے۔

عہد حکمرانی نواب سکندر جاہ مغفرت منزل

۱۸۳۱ء ۱۲۴۳ھ کے شروع مین بزمانہ پیشکار راجہ چندو لعل بمشورہ صاحب عالیشان بہادر (رزیڈنٹ) یہہ تجویز ہوئی کہ ممالک حضور نظام کا بندوبست میعادی کردیا جائے اور نوعیت بندوبست موضع واری اختیار کیجاوے اور ہر ایک گانون کے اہالی موالی سے اقرار نامہ نسبت ادائے رقم زر مالگزاری لیا جاوے۔ یہہ امر اُسوقت سرکار مین تسلیم کر لیا گیا تھا کہ ملک کی بہبودی و سرسبزی۔ رعایا کی خوشحالی اور فارغ البالی پر منحصر ہے اور اسی کا بندوبست ایک عمدہ ذریعہ اور مناسب تدبیر ہی۔ اور یقین کر لیا گیا تھا کہ رعایا کو مستاجرون اور تعلقدارون کی زیادہ ستانی اور ایذا رسانی سے بچانیکا یہی بہتر علاج ہے کہ موضع سے اراضی کی پیمایش کر کے جمع کی تشخیص کی جاوے اور اس تدبیر سے مستاجری اور تعہدداری کی سب خرابیان اچھی طرح رفع دفع کیے جاوین کیونکہ مستاجری مین سرکار اور رعایا دونون کا نقصان عظیم تھا۔ ہر مستاجر اپنی اپنی دور مین نہایت بے رحمی اور بدمعاملگی سے جہانتک ممکن ہو رعایا کو لوٹ مار کر نادار بنا دیا کرتا تھا اور یہہ امر رعایا کی پریشانی و تنگ حالی۔ سرکار کا نقصان اور ملک کی ابتری کا باعث تھا۔ اس لیے قرار دیا گیا تھا کہ سرکار عالی کے اضلاع شمالی مین متصل برار کے رزیڈنٹ بہادر کے اہتمام اور انگریزی افسرون کے ذریعہ سے بندوبست کیا جاوے اور اضلاع جنوبی کا بندوبست راجہ چندو لعل کی نگرانی مین رکھا جاوے۔

اس بندوبست مین پیمایش اور بیرت بندی نہین ہوئی صرف ادائی جمع سرکار کا تعہد بطور قول بندی دیا گیا۔ ہر موضع کی جمع مقرر ہو کر وصول مالگذاری کا بندوبست وہان کے پٹیل پٹواریون سے کیا گیا اور وہ کل اہالی موالی دیہہ کے طرف سے وصول رقم کے ذمہ دار قرار دیے گئے۔ مگر بعض بعض اضلاع مین مقدمون اور پٹیلون کے ذریعہ سے انتظام اس لیے نہین ہوا کہ وہان دیسمکھہ دیسپانڈیہ یعنی زمیندارون کا دخل تصرف بہت زیادہ تھا۔ لہذا اُنھین کو مالگذاری کا قول دیا گیا اور اُن کو اس بات کی ہدایت کیگئی کہ وہ اپنا مطالبہ غیر محدود قرار دیکر کاشتکارون کو زیادہ ستانے سے پریشان نکرین۔ بہرحال

یہہ انتظام ایسا تھا کہ معمولی طور پر مواضع کی جمع مشخص ہو کر اراضی کا پٹہ دیا گیا تھا - اور قبولیت لی گئی تھی لیکن کوئی خاص مدت مقرر نہین کی گئی تھی بلکہ سالانہ رقم مالگذاری مین کم و بیش ہوتی تھی جسکو جمعبندی کہتے تھے - اور تمام ملک پٹھانون عربون جمعدار پیشیون ساہوکارون اور معزز امراء سلطنت کے ہاتھ مین پھنسا ہوا تھا - جب کبھی سرکار کو رقم کی ضرورت ہوتی تھی تو وقت بوقت اُن سے رقم کا مطالبہ ہوتا تھا - اور یہہ لوگ سرکار مین سالانہ حساب داخل کرتے تھے جس مین بہت کچھہ کارسازی ہوا کرتی تھی -

سالار جنگ اول

سالار جنگ اول نے اپنے زمانہ وزارت مین بڑی مشکلون اور عمدہ تدابیر و خوبیون سے کل تعلقات کو ان کے قبضہ سے آہستہ آہستہ نکالا اور ماہ آبان م اکتوبر ۱۸۶۱ع مین ضلعبندی کی بنیاد ڈالی جسکا نتیجہ ہوا کہ سنہ ۱۲۷۶ف مین ملک سرکار عالی کو ۵ - اسمات اور (۱۷) ضلعون پر تقسیم کیا - پہلے صرف ہر ایک ضلع کیلیے تعلقداران اول - دوم - سوم کا اور بعدہ ہر ایک سمت کے لیے ایک ایک صدر تعلقدار کا تقرر فرمایا - جمعبندی کے اصول قرار دیکر گشتی نشانات کے ذریعہ سے مفید ہدایات صادر فرمائین -

حسب اظہار جمعبندی تعلقات مفوضہ کے دورہ کے لیے سالانہ مواضع مین بذات خود جا کر بہ فراہمی رعایا فصل کی جانچ پرتال کر کے جمع کی تشخیص کرتے تھے - تاہم جو سہولت کہ بندوبست پختہ سے رعایا اور سرکار کو حاصل ہے وہ نہ تھی - اس لیے سنہ ۱۲۹۲ف مین باہتمام مولوی سید مہدی علیخان (محسن الملک) ناظم بندوبست اور مسٹر فریدونجی (فریدون جنگ) مہتمم بندوبست حال پرائیوٹ و پولیٹیکل سکرٹری ضلع اورنگ آباد مین مثل بمبئی پریزیڈنسی و ملک اماتی برار کے اراضی کی پیمائش و پرت بندی کر کے رعیت واری انتظام کیا گیا - بعدہ بتدریج کل اضلاع مین پیمائش کا کام شروع ہوا - بغرض انتظام کارروائی و نگرانی عہدہ داران مال مامورہ اضلاع و صوبہ وقت بوقت جو کچھہ تغیر و تبدل ہوا ہے اُسکی کیفیت ذیل مین درج کی جاتی ہے -

ماہ اگسٹ م ماہ ربیع الاول سنہ ۱۲۸۱ھ ۱۸۶۴ع مین مجلس مالگذاری بندوبست تعلقات سرکار عالی قایم ہوئی جسکے ارکان سید محی الدین علوی مرحوم و مسٹر چارلس وغیرہ اور اننتد راؤ سررشتہ دار تھے جو شل ایک رکن مقتدر کے کارگذار تھے - بعد ازان یہ مجلس برخاست ہوئی اور صدر محکمہ مال قایم ہوا -

۶؍ رجب ۱۲۸۶ھ کو جبکہ ایک علاقہ کے لیے جداگانہ صدر المہاموں کا تقرر ہوا تو تاریخ مذکور کو دفتر معتمدی مدار المہام مالگزاری کے تحت مین محکمہ صدر المہامی مال قایم ہوا اور نواب مکرم الدولہ مرحوم صدر المہام مال اور مسٹر جیو بجی پستن جی معتمد صدر المہام مال اور مولوی احمد حسین درفعت یار جنگ مرحوم مددگار معتمد مقرر ہوئے۔ بوجہ ناسازی مزاج مکرم الدولہ مرحوم ۱۰؍ ربیع الثانی ۱۲۹۹ھ سے چند روز تک محکمۂ مذکور کا عارضی انتظام رہا۔ اور ۲۶؍ ذیحجہ ۱۲۹۹ھ کو دوبارہ مجلس مالگزاری قایم ہوئی جو معتمدی مال کے تحت مین تھی اور جسکے ارکان ذیل تھے۔

۱۔ مولوی دلیل الدین احمد احترام جنگ مرحوم۔ ۲۔ مولوی اکرام اللہ خان نواب یار جنگ مرحوم۔ ۳۔ مولوی حافظ نذیر احمد صاحب۔ اسکے بعد ان کی جگہہ مولوی مشتاق حسین وقار الملک مقرر ہوئے۔

سالار جنگ ثانی

نواب میر لائق علیخان بہادر مدار المہام کے زمانہ مین ۷؍ جمادی الاول ۱۳۰۱ھ کو نواب سعادت علیخان منیر الملک مرحوم معین المہام مال و فوج مقرر ہوئے۔

حسب جریدۂ غیر معمولی مورخہ ۲۹؍ بہمن ۱۲۹۴ف مجلس مالگزاری کا دفتر تخفیف ہوا۔ اور بجائے صدر تعلقداران کے صوبہ داروں کا تقرر ہوا۔ اور ایک جدید محکمہ انسپکٹر جنرل مال قایم ہوا جسپر مسٹر ڈنلاپ کا تقرر ہوا۔

سر آسمانجاه بہادر

نواب آسمانجاہ بہادر کی مدار المہامی کے زمانہ مین بعد انتقال نواب منیر الملک ۱۴؍ رجب ۱۳۰۲ھ کو نواب وقار الامرا مرحوم عہدۂ معین المہامی مال و فوج سے سرفراز ہوئے۔

حسب جریدۂ غیر معمولی مورخہ ۱۸؍ اسفندار ۱۳۰۲ف نواب وقار الامرا مرحوم صرف معین المہام مال ہوئے اور صیغۂ فوج آپ کی نگرانی سے علحدہ ہوا۔

سر وقار الامرا

نواب[1] اقبال الدولہ بہادر مدار المہام کے عہد مین حسب جریدۂ غیر معمولی مطبوعہ ۱۵؍ بہمن ۱۳۰۳ف دفتر معتمدی مال معتمدی فینانس مین ضم ہوا۔ اور بغرض انتظام مالگزاری معتمدی فینانس کے تحت مین مجلس مالگزاری قایم ہوئی جسکے لیے پہلے دو ارکان مقرر ہوئے۔ ۱۔ مسٹر ڈنلاپ۔ ۲۔ نواب مقتدر جنگ۔

صوبہ داران مجلس کے تحت مین ہوئے۔ یہہ تیسری مجلس تھی جو قایم ہوئی تھی۔ چندے مولوی یوسف اللہ صاحب

[1] نواب اقبال الدولہ۔

معتمد مجلس رہے۔ اور بعدہ مولوی سید غلام رسول مرحوم معتمد مجلس ہوئے۔ مجلس کے جلسہ منعقدہ کو معین المہامی کے اقتدارات دئے گئے۔ ارکان مجلس مین اسطرح کام کی تقسیم ہوئی۔ رکن اول کے مفوضہ صیغہ جات مال۔ بندوبست۔ آبکاری۔ جنگلات۔ زراعت۔ تجارت۔ رکن دوم کے مفوضہ صیغہ جات۔ انعام کرور گری۔ لوکلفنڈ۔ (دفتر انسپکٹر جنرل مال تخفیف ہوا)۔

صیغہ مال کا کام جو معتمدی فینانس مین ضم کیا گیا تھا ۲ رمضان سنہ ۱۳۱۳ھ سے حسب سابق علحدہ کیا گیا۔ اور صیغہ مال کی کل کارروائی مجلس مالگذاری سے راست سرکار کے ملاحظہ مین پیش ہونے لگی۔ اور مجلس مذکور مین ایک رکن سوم کا تقرر ہوا۔ جس پر رائے مرلیدھر صاحب مقرر ہوئے۔ وقار نواز جنگ (وحید الزمان) بھی بحیثیت رکن زائد چندے مجلس مین کار گذار رہے۔

مہاراجہ یمین السلطنت بہادر در

بعہد وزارت مہاراجہ کشن پرشاد یمین السلطنت بہادر حسب فرمان اعلیحضرت مصدرہ ۱۴ جمادی الثانی سنہ ۱۳۱۹ھ (از جریدہ مورخہ ۲۷ آبان سنہ ۱۳۱۰ف) مجلس مالگذاری برخاست ہوئی اور مسٹر ڈنلاپ انسپکٹر جنرل مال مقرر ہوئے سررشتہ جات مال کی عام نگرانی اور صیغہ جات بندوبست و اسٹیٹ سالار جنگ اُن کے تفویض ہوئے۔ مولوی سید غلام رسول مرحوم منصرم معتمد مال مقرر ہوئے۔

۱۹ دی سنہ ۱۳۱۱ف کو حسب فرمان اعلیحضرت مصدرہ ۱۰ شعبان سنہ ۱۳۱۹ھ محکمہ انسپکٹر جنرل مال برخاست ہوا اور مسٹر ڈنلاپ معتمد مال ہوئے۔ اور مولوی سید غلام رسول مرحوم شریک معتمد مال ہوئے۔ اور صیغہ بندوبست معتمدی مال مین ضم ہوا۔

اسمائے معتمد مال

نام	تاریخ تقرر	تاریخ علیحدگی	نام	تاریخ تقرر	تاریخ علیحدگی
۱	۲	۳	۱	۲	۳
مولوی سید سعید الدین صاحب	.	.	مولوی مہدی علیخان محسن الملک	سنہ ۱۲۸۴ف	سنہ ۱۲۹۴ف
سید عبدالرزاق آصف نواز الملک	سنہ ۱۲۸۶ف	.	مولوی چراغ علی اعظم یار جنگ	سنہ ۱۲۹۴ف	۱۲ اسفندار سنہ ۱۲۹۷ف

نام	تاریخ تقرر	تاریخ علحدگی	نام	تاریخ تقرر	تاریخ علحدگی
۱	۲	۳	۱	۲	۳
مولوی مشتاق حسین وقار الملک	۱۲ اسفندار سنہ ۱۲۹۷ ف	۱۴ آذر سنہ ۱۳۰۲ ف	مولوی سید علی حسن صاحب	سنہ ۱۳۰۴ ف	"
مقتدر جنگ	۱۷ اسفندار سنہ ۱۳۰۲ ف	۱۵ بہمن سنہ ۱۳۰۳ ف	مولوی سید غلام رسول صاحب	۲۷ آبان سنہ ۱۳۱۰ ف	دی سنہ ۱۳۱۱ ف
اعظم یار جنگ	۱۵ بہمن سنہ ۱۳۰۳ ف	سنہ ۱۳۰۴ ف	مسٹر ڈنلاپ۔	دی سنہ ۱۳۱۱ ف	موجود

شریک معتمد مال

نام	تاریخ تقرر	تاریخ علحدگی	نام	تاریخ تقرر	تاریخ علحدگی
مولوی سید اقبال علی صاحب	۱۱ مہر سنہ ۱۳۰۰ ف	سنہ ۱۳۰۲ ف	مولوی عبدالرحیم صاحب	۲۶ اردی بہشت سنہ ۱۳۱۳ ف	موجود
مولوی سید غلام رسول صاحب	بہمن سنہ ۱۳۱۱ ف	۴ بہمن سنہ ۱۳۱۳ ف	"	"	"

اخراجات مالگزار دفتر معتمدی مال بابتہ سنہ ۱۳۱۵ ف

نام ابواب معہ تعداد اسامی		رقم	نام ابواب معہ تعداد اسامی		رقم	نام ابواب معہ تعداد اسامی	رقم
۱		۲	۱		۲	۱	۲
معتمد۔	۱	[illegible]	وکیل سرکاری۔	۱	[illegible]	صادر بموجب تقسیم	[illegible]
شریک معتمد۔	۱	[illegible]	اہلکاران۔	۸۱	[illegible]	ابواب مشترکہ۔	[illegible]
مددگاران۔	۳	[illegible]	عملہ انعام۔	۷	[illegible]	ابواب مختصہ۔	[illegible]
نائب مددگار ہنگامی۔	۱	[illegible]	عملہ رجسٹریشن۔	۱۱	[illegible]	میزان۔ ۱۶۸	[illegible]
منتظم	۱	[illegible]	چپراسیان۔	۵۲	[illegible]		
کار آموزان۔	۳	[illegible]	الونس۔		[illegible]		

اخراجات مال انتظام اضلاع بابتہ سنہ ۱۳۱۵ ف

نام ابواب معہ تعداد اسمار	تعداد رقم	نام ابواب معہ تعداد اسمار	تعداد رقم	نام ابواب معہ تعداد اسماء	تعداد رقم
اول تعلقدار ۱۵	[illegible]	اہلکاران دفتر اول تعلقدار ۴۷۹	[illegible]	چپراسیان دفتر نائب تحصیلدار ۱۱	[illegible]
دوم تعلقدار ۲۳	[illegible]	” ” دوم ” ۸۰	[illegible]	ملازمان دیہات زیر ضبطی -	[illegible]
سوم تعلقدار ۲۳	[illegible]	” ” سوم ” ۴۶	[illegible]	میزان عملہ - ۳۵۳۴ -	[illegible]
اٹاچیان و دیگر کار اموزان	[illegible]	” تحصیلداران ۱۰۱۴	[illegible]	الونس -	[illegible]
وغیرہ - ۴		” نائب تحصیلداران	[illegible]	صادر بموجب تقرر -	[illegible]
تحصیلدار - ۹۰	[illegible]	کارکنان دیہات زیر ضبطی ۳۷	[illegible]	ابواب مشترکہ -	[illegible]
نائب تحصیلدار - ۵	[illegible]	چپراسیان دفتر اول تعلقدار - ۳۴۱	[illegible]	ابواب مختصہ -	[illegible]
میزان عہدہ داران - ۱۵۵	[illegible]	” ” دوم ” ۱۳۸	[illegible]		
		” ” سوم ” ۷۲	[illegible]	صدر میزان انتظام اضلاع	[illegible]
عملہ		” تحصیلدار ۲۱۳۸	[illegible]		

کرور گیری

فصل ۲ زمانہ سابق مین سررشتہ کرور گیری کا کام راجہ نانک بخش متوفی کے تفویض تھا - ۱۵ جمادی الاول سنہ ۱۲۷۶ھ مین نانک بخش کرور گیری کے کام سے موقوف ہوئی - اور سررشتہ مذکور بالمکند کے تفویض ہوا - اور ۱۱ شوال سنہ ۱۲۸۶ھ کو پھر راجہ نانک بخش خدمت کرور گری سے سرفراز کیے گئے - اس کے بعد سرکار عالی نے سنہ ۱۲۹۳ف مین آمدنی کرور گیری و نمک وغیرہ کا ٹھیکہ دیا - لیکن سنہ ۱۲۹۵ف مین امانی طور پر انتظام کیا گیا جو اب تک ہی - ابتدا ئہ بابو جی تعلقدار کرور گری مقرر کیے گئے اونکی بعد داراب جی اور ان کے بعد عماد نواز جنگ اور اُن کے بعد پیستن جی کمشنر کرور گیری مقرر ہوئے - اور اب مولوی امجد علیخان مفخر جنگ کمشنر کرور گیری ہین -

۵ ا۔جمادی الاول ۱۳۰۱ھ کو تعلقدار کرورگیری کے عہدہ کا نام کمشنر اور مددگاران تعلقدار کروڑگیری کے عہدہ کا نام ڈپٹی کمشنران کرورگیری تجویز کیا گیا۔

۱۳۰۴ف سنہ سے افیین چاندی کا محصول کرورگیری فیصدی ۵/ مقرر رہا تھا۔ اور ۱۵ ا شہریور ۱۳۱۳ف کو فیصدی ۵/ محصول تجویز ہوا۔ اب فیصدی پانچ روپیہ چاندی پر محصول لیا جاتا ہے جن اشیاء کا محصول معاف ہے وہ یہہ ہین ۔

۱۔ سکہ جاریہ سرکار عالی و انگریزی ۔ ۲۔ زیورات جو جسم پر ہون ۳ ظروف مستعملہ۔

۶۔ شہریور م ۲۵ ربیع الاول ۱۳۱۹ھ ۱۳۱۱ف سے مسافرین و بیوپاریان ممالک غیر سے سرحد پر محصول کرورگیری کی رقم بصورت موجود نہ ہونے سکہ حالی کے سکہ صورتی مین وصول ہونیکا حکم ہوا۔

۲۷ خوردادی ۱۳۱۳ف حسب فرمان اعلیحضرت مصدرہ ۲ محرم ۱۳۲۲ھ عہدہ داران کرورگیری کے تقررات کی سکیم حسب ذیل قرار پائی۔

۱	کمشنر۔	الـ/ا/ـ	۳	ڈپٹی۔		لله/ـ
۲	اسسٹنٹ کمشنر۔	اسما/ـ	۴	"		لـلـ/ـ

اور عہدہ کمشنری پر محمد امجد علیخان صاحب ۔ اور ڈپٹی کمشنری اول پر حفیظ الدین صاحب کا تقرر منصرمانہ ہوا۔

تعلقداران ۔ کمشنران کرورگیری

نمبر	نام	تاریخ تقرر	تاریخ علیحدگی	نمبر	نام	تاریخ تقرر	تاریخ علیحدگی
۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴
۱	داراب جی ۔[۵۱]	غرہ مہر ۱۲۸۵ف	۱۷ آذر ۱۳۰۴ف	۳	پیستن جی	۱۰ سنہ ۱۳۱۰ف ۱۳۱۳ف	۱۷ اردی بہشت ۱۳۱۳ف
۲	عماد نواز جنگ	سنہ ۱۳۰۵ف	سنہ ۱۳۱۰ف	۴	نواب امجد علیخان منظور جنگ[۵۲]	۱۷ اردی بہشت ۱۳۱۳ف	۔

۵۱ بعد چند روز تک پیستن جی کمشنری کی خدمت کو انجام دیتے رہے۔
۵۲۔ حسب فرمان اعلیحضرت ۱۴ شہر شوال ۱۳۲۳ھ مستقل کمشنر ہوئے۔

تختہ اخراجات علاقہ کروڑگیری بابتہ سنہ ۱۳۱۵ ف

نام ابواب معہ تعداد اشخاص	رقم
۱	۲
(الف) دفتر کمشنری۔	
کمشنر ۱	[illegible]
اسسٹنٹ کمشنر۔ ۱	[illegible]
اہلکاران۔ ۳۴	[illegible]
چپراسیان وغیرہ۔ ۳۸	[illegible]
الونس۔	[illegible]
صادر بموجب تقرر۔	[illegible]
ابواب مشترکہ۔	[illegible]
ابواب مختصہ۔	[illegible]
میزان (الف) دفتر کمشنری۔ ۷۴	[illegible]
(ب) ڈپٹی کمشنران۔	
ڈپٹی کمشنر درجہ اول ۱	[illegible]
ڈپٹی کمشنر درجہ دوم ۱	[illegible]
اہلکاران۔ ۲۴	[illegible]
چپراسیان۔ ۱۲	[illegible]
الونس۔	[illegible]

نام ابواب معہ تعداد اشخاص	رقم
۱	۲
صادر بموجب تقرر۔	[illegible]
ابواب مشترکہ۔	[illegible]
(ب) میزان ڈپٹی۔ کمشنران۔ ۴۲	[illegible]
میزان (الف) و (ب) کمشنران و ڈپٹی کمشنران ۱۱۶	[illegible]
(۲) محصولخانجات ضلاع	
مہتمان۔ ۸	[illegible]
امینان۔ ۲۵	[illegible]
صدر داروغان۔ ۹	[illegible]
داروغان۔ ۴۵	[illegible]
اہلکاران دفاتر مہتمان و جوانان ۲۶۳	[illegible]
اہلکاران امینان و جوانان ۷۸۴	[illegible]
اہلکاران صدر داروغان و جوانان۔ ۴۴	[illegible]
ل داروغہ۔ ۸۲	[illegible]
اہلکاران چوکیات و ناکہ جات و جوانان ایضاً ۷۴۴	[illegible]

نام ابواب معہ تعداد اشخاص	رقم
۱	۲
الونس۔	[illegible]
صادر بموجب تقرر۔	[illegible]
ابواب مشترکہ۔	[illegible]
ابواب مختصہ۔	[illegible]
میزان (۲) محصولخانجات اضلاع ۴۴۲۷	[illegible]
محصولخانات چھاونیات۔	
مہتمم۔ ۱	[illegible]
امین۔ ۱	[illegible]
داروغان۔ ۲	[illegible]
اہلکاران و جوانان۔ ۲۳۰	[illegible]
الونس۔	[illegible]
صادر بموجب تقرر۔	[illegible]
ابواب مشترکہ۔	[illegible]
ابواب مختصہ۔	[illegible]
میزان چھاونیات ۲۳۴	[illegible]
صدر میزان کروڑگیری ۴۷۷۶	[illegible]

فصل ۳ مالگزاری

کورٹ آف وارڈس

۲۰ ذیحجہ سنہ ۱۳۰۱ھ کو محکمۂ تباہی متقرر ہوا - اور اس کام کا تعلق ابتداً دستور رتن جی صاحب معتمد صدر المہام کیا گیا تھا مگر اس سر رشتہ کی کارروائی کا آغاز کامل طور پر نہین ہوا علی ہذا اسکے بعد بہ ماتحتی ہوم آفس اس سر رشتہ کے کام کے لیے ایک مہتمم کا تقرر بھی ہوا تھا تاہم زیادہ تر انتظام کے ساتھ کارروائی نہین ہوتی تھی - ۲۷ ذیحجہ سنہ ۱۳۰۱ھ کو مولوی محمود علیصاحب سپرنٹنڈنٹ کورٹ آف وارڈس متقرر ہوئی اور اسوقت سے کورٹ کے صیغہ کا انتظام نمایان طور پر ہوا - اور سپرنٹنڈنٹ کورٹ ماتحت ہوم آفس تھا - بعدہ معتمد مالگزاری کے ماتحت ہوا - سنہ ۱۳۰۲ف مین چندے کورٹ کا صیغہ زیر نگرانی نواب سرور جنگ بہادر رہا اسکے بعد حسب حکم مصدرہ ۶ تیر سنہ ۱۳۰۲ف خاص فخر الملک بہادر معین المہام عدالت و امور عامہ کے تفویض ہوا - اور سپرنٹنڈنٹ کورٹ کل کاغذات نواب ممدوح کے ملاحظہ مین پیش کر کے حکم جاری کرتے تھے یعنے اُس زمانہ سے سر رشتہ کے کاغذات مدار المہام کے ملاحظہ مین پیش نہین ہوتے تھے - بعدہ حکم ہوا کہ جبکہ کل نظم و نسق ریاست اور محکمہ جات و سر رشتہ جات مدار المہام کے ماتحت ہین یہہ سر رشتہ بھی رہے - ۱۵ فروردی سنہ ۱۳۰۶ف مین دفتر سپرنٹنڈنٹی شکست کر کے دفتر معتمدی عدالت کوتوالی امور عامہ مین ضم کیا گیا - اسکے بعد سنہ ۱۳۱۱ف مین حسب فرمان اعلیحضرت مصدرہ ۱۰ شعبان سنہ ۱۳۱۹ھ (جریدہ مورخہ ۹ اسفندارمذ سنہ ۱۳۱۱ف) معتمد عدالت کوتوالی و امور عامہ سے علحدہ ہو کر معتمد مال مین ضم کیا گیا جو اتبک ہی -

۶ تیر سنہ ۱۳۰۲ف کو کورٹ آف وارڈز کا صیغہ قایم ہوا -

تختۂ اسماء سپرنٹنڈنٹ کورٹ آف وارڈس

نام	تقرر	علحدگی	نام	تقرر	علحدگی	نام	تقرر	علحدگی
مولوی محمود علیصاحب	یکم آذر سنہ ۱۳۰۱ف	۱۴ ادی سنہ ۱۳۰۳ف	رائی بالمکند صاحب	۸ آبان سنہ ۱۳۰۹ف	۱۴ امرداد سنہ ۱۳۱۰ف	گوبند نانک صاحب	۲۰ شہریور سنہ ۱۳۱۵ف	۴ خورداد سنہ ۱۳۱۷ف
مولوی بشیرالدین احمد صاحب	۱۵ ادی سنہ ۱۳۰۳ف	۵ فروردی سنہ ۱۳۰۶ف	مولوی صفی الدین صاحب	۱۴ امرداد سنہ ۱۳۱۰ف	۲۱ ادی سنہ ۱۳۱۱ف	سید اعجاز حسین صاحب	۸ خورداد سنہ ۱۳۱۷ف	موجود
مولوی عزیز مرزا صاحب	۶ فروردی سنہ ۱۳۰۶ف	۸ آبان سنہ ۱۳۰۹ف	راجہ اندر کرن بہادر	۱۰ اتیر سنہ ۱۳۱۳ف	۹ شہریور سنہ ۱۳۱۵ف			

فصل ۴

سر رشتۂ انعام

سالار جنگ اول مدار المہام -

نواب سر سالار جنگ اول مدار المہام کے زمانہ سے پیشتر انعام کا کوئی محکمہ نہین تھا -

مرحوم کو خیال ہوا کہ اس امر کے دریافت ہونی چاہیے کہ معاشداروں کی مقبوضہ معاش جائز ہے یا غاصبانہ لہذا ۱۲۷۵ف سے معاشہائے عطیہ سلطانی کی دریافت آغاز ہوئی اور اسکے متعلق کل کارروائی سررشتہ مال کے تفویض کی گئی اور کوئی خاص محکمہ اسکے لیے علحدہ قایم نہین کیا گیا۔ لیکن اس سررشتہ کا کام اسقدر بڑھ گیا کہ اُس کے لئے علحدہ محکمہ قایم کرنا پڑا۔ چنانچہ ۱۲۸۵ف مین ایک خاص محکمہ زیر نگرانی محکمہ مہتمم دریافت انعامات قایم ہوا۔ اور مسٹر چارلس مہتمم مقرر ہوئے۔ یہہ محکمہ ۱۹ اردی بہشت ۱۲۸۵ف سے ۱۵ اسفندار ۱۲۹۱ف تک قایم رہا۔ محکمہ مذکور صدر المہام مالگزاری کے تحت مین تھا ہر ایک ضلع کے لیے کچھہ مختصر عملہ کارروائی انعام کے لیے مقرر تھا۔ تعلقداران اضلاع معاشہائے موقوعہ اضلاع کی دریافت کرکے تختہ جات معاش اپنی رائے کے ساتھہ۔ بہ توسط صدر تعلقداران محکمہ مہتممی انعام مین روانہ کرتے تھے۔ اور محکمہ مذکور سے بعد تنقیح و تکمیل جملہ امور و اظہار رائے۔ بہ توسط صدر المہام مال سرکار مین پیش ہو کر بعد منظوری سرکار انعامی فیصلون کے منتخبات محکمہ مہتممی انعام سے جاری ہوا کرتے تھے۔

تعلقداران اضلاع جن کے دفاتر مین انعامی مقدمات کی ابتدائی دریافت ہوا کرتی۔ اور نیز صدر تعلقداروں سے لیکر صدر المہام مال تک کہ جن کے توسط سے سرکار مین فیصلہ جات انعام بغرض منظوری پیش ہوتے تھے۔ کوئی اقتدارات حاصل نہ تھے اور چھوٹے چھوٹے معاشون کی بحالی بھی بحصول منظوری سرکار ہوا کرتی تھی۔ اسوجہ سے نہ صرف مدار المہام کے اوپر کام کا زیادہ بار پڑ گیا تھا۔ بلکہ ختم دریافت مقدمات انعام کے لیے بھی زیادہ مدت کی ضرورت تھی اسلیے سالار جنگ اول نے ایک مجلس موسوم دریافت انعامات قایم فرمائے جسکا آغاز غرہ ربیع الاول ۱۲۹۹ھ کو ہوا جسمین مسٹر چارلس رکن اول اور مولوی سید زین العابدین رکن دوم اور سید اسد اللہ (عرف میر نواب) رکن سوم مقرر ہوئے اور مجلس کو بحیثیت منفردہ و مشترکہ مناسب اقتدارات عطا کیے گئے۔ یہہ مجلس ۱۶ اسفندار ۱۲۹۱ف سے ۳۱ اردی بہشت ۱۲۹۴ف تک قایم رہی جو پہلے صدر المہام مال اور بعہدہ مجلس مالگزاری اور بعد برخاست مجلس مالگزاری معتمد مال کے

ماتحت رہی اور فیصلہ جات اقتداری مجلس کے منتخبات مجلس سے اور نیز غیر اقتداری مجلس کے بحصول منظوری سرکار مجلس مذکور ہی سے جاری ہوا کرتے تھے۔

عہد سالار جنگ ثانی مدار المہام

عماد السلطنت کے زمانہ میں مجلس انعام برخاست ہو کر سنہ ۱۲۹۵ف میں کمشنری انعام کا محکمہ قایم ہوا۔ اور مسٹر ڈنلاپ اسپشل کمشنر مقرر ہوئے اُن کی ماتحتی میں مولوی سید سراج الحسن صاحب اور رائے مرلیدہر صاحب اور وشنو پنڈت ڈپٹی کمشنران مقرر ہوئے۔ اسکے بعد دریافت انعام کا کام جلد انجام پانے کی غرض سے سنہ ۱۲۹۶ف میں بمقام بلدہ محکمہ کمشنر انعام اور ہر ایک صوبہ کے لیے ایک ایک ڈپٹی کمشنر انعام کا تقرر اور کمشنر اور ڈپٹی کمشنروں کو حسب مناسب اقتدارات عطا کیے گئے۔ جملہ مقدمات انعام میں نواب منیر الملک مرحوم معین المہام وقت اقتدارات مدار المہامی اور کمشنر انعام اقتدارات معین المہامی کا استعمال فرماتے تھے۔ ڈپٹی کمشنران مقدمات اقتداری کے منتخبات با اقتدار خود اور مقدمات غیر اقتداری کے منتخبات بحصول منظوری مجاز ڈپٹی کمشنری ہی سے جاری کیا کرتے تھے۔

عہد نواب سر آسمانجاہ مدار المہام۔

آسمانجاہی وزارت میں محکمہ جات انعام میں کوئی رد و بدل نہیں ہوا۔ سنہ ۱۲۹۷ف میں ایک گشتی نشان ۲۰ جاری ہوئی جس سے انعامداروں کو بہت فائدہ ہوا۔ یعنی گشتی مذکور کے ذریعہ سے حکم دیا گیا تھا کہ جو اراضیات انعام بوجہ نہ ہونے سند کے خالصہ ہوئے ہیں اُن پر نظر ثانی کی جاوے۔ اور مدت قبضہ اور بھگوٹ کے لحاظ سے اُن کی بحالی کی جاوے۔ اس حکم سے کام بڑھ گیا۔

عہد نواب سر وقار الامرا مدار المہام۔

جو شرایط کہ گشتی نشان (۲۰) بابتہ سنہ ۱۲۹۷ف میں درج تھی اونپر عہدہ داران انعام نے زیادہ توجہ نہیں فرمائی اور کارروائی نظر ثانی میں اسقدر اراضیات انعام بحال ہوئے جس سے سرکار کا بہت نقصان ہونے لگا۔ لہذا گشتی نشان ۶۴ بابتہ سنہ ۱۳۰۴ف کے ذریعہ سے گشتی نشان ۲۰ بابتہ سنہ ۱۲۹۷ف کی ترمیم ہوئی۔ اور جو اقتدارات معین المہامی کمشنر انعام کو دیے گئے تھے بوجہ قیام مجلس مالگزاری واپس لیے گئے۔

صوبہ ورنگل اور صوبہ اورنگ آباد کے مقدمات دریافت انعام کا کام باقی رہنے کے باعث سنہ ۱۳۰۵ف میں

اِن ہر دو صوبون کے محکمہ جات ڈپٹی کمشنری تخفیف کیے گئے اور عملہ ڈپٹی کمشنری تعلقداران اضلاع صوبہ جات مذکور کے دفاتر مین متعین کر کے اول تعلقداران اضلاع مذکور کو اقتدارات ڈپٹی کمشنری عطا کیے گئے۔ علی ہذا ۱۷ ۱۳۱۳ ف مین ڈپٹی کمشنری انعام صوبہ گلبرگہ کا دفتر بھی تخفیف ہوا۔ حسب مرقوم الصدر انتظام ہوا۔ ڈپٹی کمشنرون کے دفتر سے تنخواہات جاری کرنیکا طریقہ موقوف ہوا اور محکمہ کمشنری انعام سے کل تنخواہات جاری ہونے لگے۔

۱۶ مہر ۱۳۰۵ف کو ڈپٹی کمشنری انعام صوبہ بیدر کا مستقر اسٹیشن لنگم پلی سے بلدہ کو منتقل ہوا۔ محکمہ کمشنر انعام و دفتر ڈپٹی کمشنر انعام صوبہ بیدر ۲۳ مہر ۱۳۱۲ف کو تخفیف کر دئے گئے۔ کمشنر انعام کا دفتر فیصل طلب دفاتر صوبہ داریون مین اور ڈپٹی کمشنر انعام صوبہ بیدر کا دفتر دفاتر تعلقداران اضلاع صوبہ مذکور مین عملہ انعام کے ساتھ منتقل ہوا۔ اول تعلقداران اضلاع کو ڈپٹی کمشنری کے اور صوبہ دارون کو کمشنری کے اقتدارات دئے گئے۔

رجسٹر فیصلہ جات انعام و اجرائے تنخواہات فیصلہ جات انعام کا عملہ دفتر معتمد مالگذاری مین رکھا گیا اور فیصلہ جات انعام کے تنخواہات خواہ اقتداری ڈپٹی کمشنران ہون یا کمشنران اب دفتر معتمدی مال سے جاری ہوا کرتے ہین اور بضمن کارروائی اجرائے تنخواہات فیصلہ جات تحت کی دفتر معتمدی مال مین جانچ پڑتال بھی ہوتی ہے۔

جاگیردارون کی وراثت کے تختہ جات جو پہلے رست معتمدی مال سے بغرض منظوری سرکار مین پیش ہوتے تھے۔ اب معتمدی مال سے دفتر فینانس پر روانہ ہوتے ہین اور وہان سے سرکار کے ملاحظہ مین پیش ہوا کرتے ہین۔ اور نقدی معاش یومیہ اور معمول وغیرہ کی وراثت کا تعلق دفتر معتمدی مال اور صوبہ دارون سے علحدہ کر کے صدر مجلس اور فینانس سے متعلق کیا گیا۔ تعلقداران اضلاع اور صوبہ دارون کو منظوری وراثت کے متعلق پہلے کچھ اقتدارات نہ تھے اب کچھ اقتدارات دئے گئے ہین۔

تختہ عہدہ داران انعام

السلطنت
یمین
عہدہ مہاراجہ
مدار المہام

نام معہ عہدہ وغیرہ	کیفیت	نام معہ عہدہ وغیرہ	کیفیت
۱	۲	۳	۴
محکمہ مہتمم دریافت انعام۔		۲۔ رائے مرلیدہر صاحب	
مسٹر چارلس مہتمم۔	یکم خورداد ۱۲۸۵ف کو تقرر ہوا	۳۔ وشنو پنڈت۔	۲۳ اردی بہشت ۱۲۹۵ف کو تقرر ہوا
مجلس دریافت انعام۔		کمشنر۔	
۱۔ مسٹر چارلس۔ رکن اول	نمبر ۱ سے ۳ تک یہ لوگ	۱۔ رفعت یار جنگ۔	۲۵ خورداد ۱۲۹۶ف کو تقرر ہوا
۲۔ مولوی سید زین العابدین رکن دوم	بھی مجلس انعام میں کچھ بعد	۲۔ اقبال یار جنگ۔	۲۱ بہمن ۱۳۰۳ف کو تقرر ہوا
۳۔ مولوی سید اسد اللہ صاحب رکن سوم	دیگرے ارکان ہوئے ہیں	ڈپٹی کمشنر صوبہ۔	
۴۔ مولوی بدرالدین صاحب		مسٹر جارج نندی اورنگ آباد۔	
۵۔ مولوی منصور علی صاحب		عنایت الرحمن صاحب ورنگل۔	
۶۔ مولوی حسن رضا صاحب۔		دین شاہ جی صاحب بیدر	۲۱ اردی بہشت ۱۲۹۶ف کو تقرر ہوا
۷۔ مولوی احمد حسین رفعت یار جنگ		ملا عبدالقیوم صاحب۔ گلبرگہ۔	۱۳ بہمن ۱۲۹۶ف کو تقرر ہوا
۱۔ اسپشل کمشنر۔		پستن جی صاحب بیدر	دین شاہ کے بعد مقرر ہوئے
مسٹر اے جی ڈنلاپ اسپشل کمشنر		مولوی بشیر الدین احمد صاحب۔ بیدر	پستن جی کے بعد مقرر ہوئے
ڈپٹی کمشنر۔		مولوی غلام علی صاحب قریشی۔ "	مولوی بشیر الدین احمد صاحب
۱۔ مولوی سراج الحسن امیر یار جنگ			کے بعد ہوئے۔

اخراجات حقیقی انعام از نہ بابتہ ۱۳۱۵ف

نام ابواب معہ تعداد اسمار	رقم	نام ابواب معہ تعداد اسمار	رقم
اہلکاران انعام ماسوا و ناظر اضلاع وصوبہ داری ما ۳۷	ع سالہ عہ	بہتہ مامورہ اضلاع۔	سیہ
مدد خرچ گرانی غلہ۔	عہ	جملہ میزان سالانہ۔	سالہ عہ

پیمائش و بندوبست

فصل ۵ سالار جنگ اول کے زمانہ سے پہلے انتظام مالگزاری و نوعیت حقوق اراضی جیسی کچھہ تھی وہ سرکاری کے نظم و نسق سالانہ و رپورٹ ہائے مرتبہ عہدہ داران متعلقہ سے ظاہر ہے۔ مرحوم نے جو انتظامات کہ بتدریج اپنی عہدہ مدار المہامی مین کیے تھے اُن مین سے بھی یہہ ایک بڑا اہم بالشان انتظام تھا۔ جس سے تحصیل مالگزاری کے متعلق رعایا اور سرکار کے درمیان ایک ایسا بندوبست ہو گیا کہ تشخیص مالگزاری اور جمعبندی سالانہ کی وہ تمام دقتین رفع ہو گئین جو زمانہ سابق مین نظام جمعبندی کو اور نیز کاشتکارون کو سالانہ اراضی کے لگان مین اضافہ وغیرہ ہونے سے ہوتی رہی تھین۔

پہلے پہل اس کام کا آغاز ۱۲۹۴ھ ۱۲۸۶ف مین ہوا اور ملک سرکار عالی مین تعلقہ پٹن ضلع اورنگ آباد پہلا تعلقہ ہے جس مین بندوبست کی جمعبندی ہوئی اور یہہ کام مسٹر فریڈرونجی صاحب (حال پرائیوٹ سکریٹری سرکار عالی) کے ہاتھون انجام پایا۔ جو اُس زمانہ مین مہتمم بندوبست اورنگ آباد تھے اور نیز ممالک محروسۂ سرکار عالی مین اس کام کا آغاز مولوی سید مہدی علی خان محسن الملک کے نیک ارادون اور عمدہ کوششون سے ہوا۔ اور ابتدائی زمانہ مین نواب ممدوح ہی ناظم بندوبست مقرر ہوئے اور آپ نے اسوقت تک اس خدمت کو پوری ذمہ داری سے علاوہ خدمت معتمدی مال کے انجام دیا۔ جب تک کہ جنرل گلاسفرڈ بلدۂ حیدرآباد مین نہین آئے تھے۔ گلاسفرڈ صاحب کے آنے کے بعد ۲۰ شوال ۱۲۹۹ھ کو ناظم بندوبست مقرر ہوئے۔ اور نواب محسن الملک اس کام سے سبکدوش ہوئے تاہم بہ حیثیت معتمدی مال دفتر نظامت بندوبست آپ ہی کے تحت مین رہا۔ مسٹر گلاسفرڈ کے بعد نظامت بندوبست پر نواب فریدون جنگ بہادر کا تقرر ہوا اور جب آپ پرائیوٹ سکریٹری ہوئے تو بندوبست کے کام پر ۲۶ جمادی الثانی ۱۳۰۴ھ کو نواب عماد نواز جنگ مرحوم صدر محاسب مقرر ہوئے۔ اور چند دنون کے بعد مسٹر ڈنلاپ کو چارج دیا۔ جب مسٹر ڈنلاپ رکن اول مجلس مال ہوئے تو نظامت مذکور کا جائزہ مولوی سید علی حسن صاحب تعلقدار محبوب نگر نے ۱۴ شوال ۱۳۱۲ھ کو لیا۔ مولوی صاحب موصوف معتمدی فینانس کا کام انجام دیا کیے اسوجہ سے مسٹر یہ زوجی تعلقدار اندور نظامت بندوبست کا کام انجام دیتے رہے۔ بعد ازان

۱۳ ربیع الثانی ۱۳۱۵ھ کو سید علی حسن صاحب معتمدی فینانس سے نظامت بند و بست پر واپس ہوئے اور رجب آپ کو وظیفہ ہوا تو محکمہ نظامت بند و بست تخفیف ہوا۔ اور ۱۰ امرداد ۱۳۱۰ف کو دفتر مالگزاری میں ضم ہو گیا۔

حسب فرمان اعلیٰحضرت مصدرہ ۱۷ شوال ۱۳۲۳ھ قواعد بند و بست اضلاع ورنگل کریم نگر۔ نلگنڈہ محبوب نگر۔ پیشگاہ خسروی سے منظور ہو کر تاریخ مذکور سے نفاذ پذیر ہوئے۔

تختہ اخراجات پیمائش و بند و بست بابتہ ۱۳۱۵ف

ابواب معہ تعداد اسمار	رقم	ابواب معہ تعداد اسمار	رقم	ابواب معہ تعداد اسمار	رقم
۱	۲	۳	۴	۴	۴
الف۔ انبار خانہ۔		مددگاران درجۂ اول ۲	[illegible]	چپراسیان وغیرہ۔ ۲۸	[illegible]
مینیجر۔ ۱	[illegible]	مددگار درجۂ دوم۔ ۵	[illegible]	الونس۔	[illegible]
عملہ انبار خانہ۔ ۶	[illegible]	مددگار درجۂ سوم۔ ۴	[illegible]	صادر بموجب تقرر۔	[illegible]
نقشہ نویسان۔ ۳۷	[illegible]	نائب مددگار درجۂ اول۔ ۱	[illegible]	ابواب مشترکہ۔	[illegible]
دار الطبع۔ ۲۰	[illegible]	؍؍ دوم۔ ۳	[illegible]	ابواب مختصہ۔	[illegible]
الونس۔	[illegible]	؍؍ ؍؍ سوم۔ ۲	[illegible]	میزان کل پیمائش اضلاع۔	[illegible]
صادر بموجب تقرر۔	[illegible]	؍؍ ؍؍ چہارم۔ ۲	[illegible]	بابتہ تجویز معاوضہ اراضی و آم	[illegible]
میزان۔ الف ۶۴	[illegible]	صدر دفتر دوامی۔ ۳۶	[illegible]	ریلوے۔	
ب۔ پیمائش اضلاع		صدر دفتر ہنگامی۔ ۵۵	[illegible]	صدر میزان پیمائش و	[illegible]
مہتمان۔ ۲	[illegible]	ایضاً پیمائش و ترتیب بندی۔	[illegible]	بند و بست۔ ۲۰۴	۰

جنگلات

فصل ممالک محروسہ سرکار عالی مین تقریباً چوبینہ کے اقسام یہہ ہین - صندل - ساگوان شیشم - آبنوس ساٹین - ایپا وھوہ - نلامدی - بیجا - سال - بٹاگونم - سومی - دہاوڑا - یاترمن کرڈشا - گہیر بھنڈرا موکاب - اور خنگی وغیرہ - یہہ کل اقسام چوبینہ چہہ قسمون مین منقسم ہین یعنی ورنگل - اندور - نرمل - محبوب نگر - اورنگ آباد - گلبرگہ - اور کل رقبہ جنگلات تقریباً ۱۸۰۰۰ مربع میل ہی - اور یہہ تین جلقون مین منقسم ہی - محصورہ - ۱۵۸۴۴ مربع میل محفوظہ - ۸۰۴۴ مربع میل - غیر محفوظہ ۸۳۸۷ مربع میل محفوظہ و محصورہ جنگلون کا چوبینہ سررشتہ جنگلات کے تحت مین ہی -

سنہ ۱۲۷۶ف مین محکمہ جنگلات قائم ہوا - جو ایک ناظم کے تحت مین ہی - اور اسامات کا انتظام مددگارون کے تفویض ہی - اس صیغہ کا انتظام سنہ ۱۸۹۹ع کے ایکٹ کے مطابق کیا گیا ہی - خریدارون کو چوبینہ قیمت مقررہ پر دیا جاتا ہی - اور کاشتکارون کو تعمیر و سامان زراعتی کی تیاری کے لیے مفت ملتا ہی -

تعلق سررشتہ جنگلات پہلے معتمدی مال کے تحت مین تھا لیکن ہوم آفس قایم ہونیکے بعد اسکا تعلق اُس سے کر دیا گیا - یہہ تعلق تھوڑے ہی زمانہ تک رہا - اور پھر مالگزاری سے متعلق ہو گیا -

پہلے افسر اعلی محکمہ جنگلات کے عہدہ کا نام صدر مہتمم چوبینہ تھا - ۱۴ ربیع الثانی سنہ ۱۳۰۸ھ کو ناظم چوبینہ (کنسر ویٹو) تجویز ہوا - اور ۵ جمادی الاول سنہ ۱۳۰۸ھ سے ناظم جنگلات قرار پایا صیغہ فارسٹ کی تعلیم کے لیے طالب علمون کو ڈیرہ دون بھیجنے کی تجویز مسٹر بیاٹمن ٹایمن ناظم جنگلات کے زمانہ مین ہوئی - اور اُسوقت سے اسوقت تک بہت سے اشخاص تعلیم پاکر آئے - جو اسوقت عہدہ ہائے مددگاری و نائب مددگاری پر مامور ہین - اور خاص بلدۂ حیدرآباد مین بھی سنہ ۱۳۱۳ف مین مدرسہ قایم کیا گیا تھا - لیکن صرف ایک سال قایم رہا - اور سنہ ۱۳۱۴ف مین برخاست ہوا - ذیل مین ناظمون کا نقشہ اور اخراجات درج کیے جاتے ہین -

نام ناظم	کیفیت	نام ناظم	کیفیت
۱ - بہرام جی مانک جی صاحب	.	۲ - مسٹر بالمورہ	.

نام ناظم	کیفیت	نام ناظم	کیفیت
۱	۲	۳	۴
۳- مسٹر کپتان ڈابس		۵- مسٹر لبسکو -	۲ امرداد ۱۳۰۳ف کو آپ نے جائزہ لیا -
۴- مسٹر بیالن ٹامین	۹ شہریور ۱۲۹۶ف کو تقرر ہوا۔ بر آپ مستعار آئے تھے	۶- مسٹر سہراب جی -	۲۲ آذر ۱۳۱۴ف کو تقرر ہوا -

تختہ اخراجات محکمہ جنگلات بابتہ سنہ ۱۳۱۵ف

ابواب معہ تعداد اسامی	رقم	ابواب معہ تعداد اسامی	رقم	ابواب معہ تعداد اسامی	رقم
۱	۲	۱	۲	۱	۲
دفتر ناظم جنگلات		مددگاران - ۸	[illegible]	اضلاع - اینمان - ۲۱	[illegible]
ناظم - ۱	[illegible]	نائب مددگاران - ۵	[illegible]	صحرادواران - ۵۴	[illegible]
پرسنل اسسٹنٹ ۱	[illegible]	انسپکٹر - ۱	[illegible]	اہلکاران وغیرہ - ۹۵	[illegible]
اہلکاران - ۱۷	[illegible]	اہلکاران وغیرہ - ۴۰	[illegible]	جوانان وغیرہ - ۴۲۲	[illegible]
چپراسیان - ۱۵	[illegible]	چپراسیان - ۶۷	[illegible]	الونس -	[illegible]
الونس -	[illegible]	الونس -	[illegible]	صادر بموجب تقرر -	[illegible]
صادر بموجب تقرر -	[illegible]	صادر بموجب تقرر -	[illegible]	ابواب مشترکہ -	[illegible]
ابواب مشترکہ -	[illegible]	ابواب مشترکہ -	[illegible]	ابواب مختصہ -	[illegible]
ابواب مختصہ -	[illegible]	ابواب مختصہ -	[illegible]	میزان اضلاع - ۶۹۲	[illegible]
میزان ناظم جنگلات اسامات - ۳۴	[illegible]	میزان اسامات - ۱۳۱	[illegible]	متفرق -	[illegible]
				صدر میزان - ۸۴۷	[illegible]

آبکاری

پہلے آبکاری کے محکمہ کو بدعت کی کچہری کہتے تھے اور کاغذات و مہر وغیرہ مین بھی یہی نام لکھا جاتا تھا - فصل ۷

لیکن جب اسکا انتظام ہوا ہی تو نام بھی تبدیل کر کے محکمۂ آبکاری رکھا گیا - اسوقت سے اسوقت تک اسی نام سے موسوم ہی - اس مین جملہ مسکرات شامل ہین -

سلخ جمادی الثانی م ۳۰ خورداد ۱۲۹۲ف ۱۳۰۰ھ کو مسٹر پریر و خدمت اول تعلقداری سے بدعت آبکاری بلدہ مقرر ہوئے - ۵ شعبان م ۲۲ خورداد ۱۲۹۶ف ۱۳۰۴ھ کو عماد نواز جنگ کا تقرر کمشنری آبکاری و افیون بلدہ و اضلاع پر ہوا - اور تنخواہ بشمول الونس الـ[illegible] مقرر ہوئے -

۲۴ جمادی الثانی سنہ ۱۳۱۱ھ کو حکم ہوا کہ فروشندگان شراب و اشیاء مسکرات یورپین سولجرون اور انکے یوریشین یا یورپین ازدواج کے ہاتھ ہرگز فروخت نہ کیا کرین - ۲۹ رمضان سنہ ۱۳۱۲ھ کو دفتر مہتممی آبکاری قایم ہوا - اور مہتممی پر میر ناصر علی صاحب کا تقرر ہوا -

۲۹ رمضان سنہ ۱۳۱۲ھ کو معاملہ آبکاری بلدہ و سکندرآباد و بلوارم کا ٹھیکہ دیا گیا حسب فرمان اعلیٰحضرت (مصدرۂ جریدۂ اعلامیہ ۲۰ امرداد ۱۳۱۵ف ۱۳۲۴ھ جلد ۳ صفحہ ۵۵) جملہ جاگیرات و مقطعہ جات و پائیگاہ و سمستان وغیرہ کی آبکاری علاقۂ دیوانی مین شامل کی گئی اور علاقہ جات مذکور کو نقد معاوضہ دینا منظور ہوا - اسکی تحقیقات کے لیے بماتحتی مالگزاری دو سال کے لیے تین ارکان - ۱ - ویسلی یوراؤ صاحب بی - اے سینیر مددگار مال - ۲ - مولوی سید احمد صاحب مددگار محاسب سرکار عالی - ۳ - مولوی میر ہدایت علی صاحب ڈپٹی کمشنر کروڑگیری کا تقرر منظور ہوا -

تختۂ اخراجات آبکاری بابتہ سنہ ۱۳۱۵ف

نام ابواب مع تعداد اسامی	تعداد رقم	نام ابواب مع تعداد اسامی	تعداد رقم	نام ابواب مع تعداد اسامی	تعداد رقم
بلدہ		چوکیداران وجوانان	[illegible]	ابواب مشترکہ	[illegible]
تعلقدار ۱	[illegible]	وغیرہ ۱۸۹ -		ابواب مختصہ	[illegible]
انسپکٹر ۱	[illegible]	الونس	[illegible]	میزان بلدہ - ۲۲۸ -	[illegible]
اہلکاران وغیرہ - ۲۷	[illegible]	صادر بموجب تقرر	[illegible]	سکندرآباد	

نام ابواب معہ تعداد اسمار		رقم	نام ابواب معہ تعداد اسمار		رقم	نام ابواب معہ تعداد اسمار		رقم
انسپکٹر	۱	[illegible]	میزان سکندر آباد	۱۵	[illegible]	الونس		[illegible]
کارکنان	۲	[illegible]				صادر بموجب تقرر		[illegible]
جوانان	۱۲	[illegible]	بلوارم			کرایہ مکان		[illegible]
الونس		[illegible]	انسپکٹر	۱	[illegible]	میزان بلوارم	۸	[illegible]
صادر بموجب تقرر		[illegible]	محرر	۱	[illegible]			
کرایہ مکان		[illegible]	چپراسیان	۶	[illegible]	جملہ میزان -	۲۵۱	[illegible]

افیون

فصل ۸

ملک سرکار عالی مین افیون کی پیداوار کثرت سے تھی خصوصاً بعض تعلقات جیسے سیلوڑ و بہوکر و مین اور علاقہ پاگاہ مین چنگوپہ اور ہمنا باد جو حال مین داخل صرف خاص ہوا ہی خشخاش کی کاشت خوب ہوتی تھی اور افیون بھی بہت تیار ہوتی تھی حسب تحریک صاحب عالیشان بہادر ۲۷ شوال ۱۲۹۷؁ کو دفتر مالگزاری سے ممالک محروسہ سرکار عالی مین دستور العمل موقوفی زراعت و تیاری افیون جاری کیا گیا جسکی رو سے کاشت افیون کی سخت ممانعت کی گئی - اسوقت سے مالوہ - اندور سے - افیون ملک سرکار عالی مین آیا کی جاتی ہی - اور منجانب سرکار در آمد و فروخت افیون کا ٹھیکہ دیا جایا کرتا ہی - اس مد سے آمدنی کی رقم تختہ مداخل و مخارج سے واضح ہو گی -

یکم آذر سنہ ۱۳۰۳ف کو افیون کے تحصیلون کی تنقیح کا تعلق جو سابق مین کوتوالی بلدہ سے علیحدہ کر کے تعلقدار ابکاری بلدہ کے تفویض کیا گیا -

تختہ اخراجات بابتہ سنہ ۱۳۱۵ف

نام ابواب معہ تعداد اسمار		رقم	نام ابواب معہ تعداد اسمار	رقم	نام ابواب معہ تعداد اسمار		رقم
اہلکاران -	۳	[illegible]	الونس -	[illegible]	ابواب متفرقہ -		[illegible]
ملازمان -	۳	[illegible]	صادر بموجب تقرر -	[illegible]	صدر میزان -	۶	[illegible]

باب ۵

فوج

فصل ۱

۱- دفتر معتمدی فوج ۱۲۷۰ سنہ ہجری مین قایم ہوا - ۲- حسب جریدہ - ۲۹ بہمن ۱۲۹۴ سنہ ف معتمدی فوج بیقاعدہ کا دفتر معتمدی فوج باقاعدہ مین ضم ہوا - اور سررشتہ منصب جو زیر نگرانی معتمد فوج تھا - زیر نگرانی دفتر صدر محاسبی کیا گیا - ۱۳ محرم ۱۳۰۳ سنہ ہجری کو دفتر باقاعدہ بیقاعدہ سے علحدہ ہوا - اور پھر ۲۵ جمادی الثانی ۱۳۰۹ سنہ ہجری کو بیقاعدہ مین ضم ہوا - اسکی بعد فوج باقاعدہ کے دفتر کا تعلق ۳- ربیع الثانی ۱۳۱۲ سنہ ہجری کو پرائیوٹ سکرٹری سرکار عالی سے ہوا - اسکی بعد ۱۲ جمادی الاول ۱۳۱۶ سنہ ہجری کو حسب سابق دفتر ملکی وزیر افواج [۱] تحت مین ہوا - جو ہنوز تک ہی - ۳- ۱۲۹۶ سنہ ف سے ملازمان فوج متعلقہ نظم جمعیت کی تنخواہ دست بدست تقسیم ہونا شروع ہوئی اور جو طریقہ سرگروہ لوگ سربستہ تنخواہ اٹھاتے تھے وہ موقوف ہوا - ۴- سابق مین یہہ دستور تھا کہ فوج باقاعدہ کے تنخواہ کی رقم سررشتہ داران فوج خزانہ عامرہ سے حاصل کرتے تھے - اور رفوجی گارڈ سررشتہ دارون سے رقم لیکر اپنی اپنی رجمنٹون کو لیجاتے تھے - ماہ خورداد ۱۲۹۶ سنہ ف سے یہہ طریقہ موقوف ہوا - اور اب راست خزانہ عامرہ سے (رقم) رجمنٹون کو روانہ ہوتی ہی - ۵- حسب جریدہ ۱۸ اسفندار ۱۳۰۲ سنہ ف عالیجناب مہاراجہ کشن پرشاد بہادر کا تقرر پیشکاری پر ہوا - اور فوج بیقاعدہ اور باقاعدہ کا صیغہ جناب ممدوح کے تفویض ہوا - [۲] ۶- ۱۳۱۲ سنہ ہجری مین حسب الحکم نواب وقار الامرا مرحوم (مدار المہام) حاضر گیاٹ قایم ہوا - ۷- یکم فروردی ۱۳۱۵ سنہ ف سے اختیار زبان متعلقہ نظم جمعیت کی تنخواہ کی تقسیم خزانہ عامرہ سرکار عالی مین منتقل ہوئی - ۸- ۱۲۷۴ سنہ ف مین راجہ گردہاری پرشاد عرف بنسی راجہ کی نگرانی مین بارود کا سرکاری کارخانہ قایم ہوا -

۱۳۱۶ سنہ ف مین نظم جمعیت مین تخفیف کا عمل ہوا - اور سواران و جوانان جملہ ۱۲۰۰۰- کا رکھنا قرار پایا - اور تخفیف شدہ لوگ جو قابل ملازمت تھے فوج باقاعدہ و پولیس اضلاع - اور پولیس بلدہ مین شریک کیے گئے اور معذورین کو وظیفہ دیا گیا -

---

[۱] جسوقت دفتر فوج باقاعدہ پرائیوٹ سکرٹری (مدار المہام) کے دفتر مین تھا - فوج باقاعدہ کی کارروائی معین المہام فوج کے ملاحظہ مین پیش نہین ہوتی تھی - حسب جریدہ ۱۰ اسفندار ۱۳۰۲ سنہ ف نواب مرحوم العمدہ امرا آنند شاہ (مستعد جنگ) جائینٹ سکرٹری فوج مقرر ہوئے اور سررشتہ فوج کی کارروائی مدار المہام کے ملاحظہ مین بتوسط معتمد فینانس پیش ہونیکا حکم ہوا -

امپریل سرویس ٹروپس

امپریل سرویس ٹروپس سے وہ فوج مراد ہی - جو کسی ریاست کی جانب سے اعلیحضرت ملک معظم شاہنشاہ ہند کے جان ومال کی حفاظت کرے - ہندوستان مین مشکل کوئی ریاست ایسی ہوگی جس مین اس نام کی فوج قایم نہو - اعلیحضرت بندگانعالی نے سرحدی حفاظت کے لیے گورنمنٹ برطانیہ کو ساٹھہ لاکھہ روپیہ دینے یا فوج قایم کرنیکا وعدہ فرمایا تھا - اس بنا پر کرنل نواب افسر الملک بہادر کمانڈر افواج سرکار عالی کی نگرانی مین ۱۸ ذیقعدہ م ۴ جون ۱۸۹۳ع ۱۳۱۰ھ کو امپریل سرویس ٹروپس کے دو رسالے قایم کرنیکا حکم ہوا - ۴ صفر م ۱۷ اگست ۱۸۹۳ع ۱۳۱۱ھ کو فوج باقاعدہ گوشہ محل کے ۳ رسالون اور گولکنڈہ برگیڈ سے سوارون کا انتخاب ہوا - اور چار چار سو سوار کے دو رسالے قایم ہوئے - سرکار عالی کی فوج مین یہہ رسالے خاص طور پر ممتاز ہین - اکثر جنگ مصنوعی اور مردانہ کھیلون مین اپنے حریفون پر نمایان فتح حاصل کرچکے ہین - کرنل نواب افسر الملک بہادر ان پر خاص توجہ فرماتے ہین اور ہر طرح سے انکی درستی کا خیال ہی - ۱۲ ذیقعدہ ۱۳۲۵ھ کو حسب گشتی دفتر نظم جمعیت علاقہ نظم جمعیت سے ۸۰۰ سوار کا امپریل سرویس ٹروپس مین شریک ہونیکے لیے حکم ہوا ۱۳۱۵ف کے حقیقی اخراجات اور تعداد کا موازنہ ہم ذیل مین درج کرتے ہین -

نام ابواب معہ تعداد اسامی	رقم	نام ابواب معہ تعداد اسامی	رقم	نام ابواب معہ تعداد اسامی	رقم	
افسران - ۲	[illegible]	میزان - ۸	[illegible]	کرایہ آفیس وغیرہ	[illegible]	اسٹاف کمانڈر
اہلکاران وغیرہ ۶	[illegible]	صادر بموجب تقرر سعہ مدد خرچ وگرانی غلہ	حالہ [illegible]	میزان ۸	[illegible]	
افسران	.	میزان افسران ۸۲	[illegible]	میزان ۴۷ ۴۴	[illegible]	فسٹ لانسر
کمیشنڈ افسران - ۶		سواران - ۳۲۵	[illegible]	صادر بموجب تقرر	[illegible]	
وارنٹ کمیشنڈ افسران ۴	[illegible]	ملازمین غیر جنگی ۴۰	[illegible]	میزان ۴۷ ۴۴	[illegible]	
سب کمیشنڈ افسران [illegible]		الونس	[illegible]			

	نام ابواب معہ تعداد اسامی	رقم	نام ابواب معہ تعداد اسامی	رقم	نام ابواب معہ تعداد اسامی	رقم
سکنڈ لانسر	افسران-		میزان افسران- ٨٢	[illegible]	میزان ٤٤٧	[illegible]
	لفٹننٹ افسران- ٦		سواران- ٣٢٥	[illegible]	صادر بموجب تقرر-	[illegible]
	سب کپتنٹ افسران- ١٥	[illegible]	ملازمان غیر جنگی- ٤٠	[illegible]	میزان ٤٤٧	[illegible]
	ونن کمیشنڈ افسران- ٦١		الونس-	[illegible]		
حیدر تخت امپیریل سروس ٹروپس	اسٹاف کمانڈر ٨	[illegible]	چابک سواران-	[illegible]	ابواب مشترکہ-	[illegible]
	فسٹ لانسر ٤٤٧	[illegible]	گذکا مارکٹ الونس-	[illegible]	دیگر اخراجات اسپان باربرداری وغیرہ	[illegible]
	سکنڈ لانسر ٤٤٧	[illegible]	صادر بموجب تقرر-	[illegible]	صدر میزان- ٨٩٢	[illegible]

فوج باقاعدہ گوشہ محل

رسالہ حبوشش — عام طور پر لوگ اسے شدی کا رسالہ یا افریکن کیولری کہتے ہین۔ اس رسالہ کی تاریخ یہہ ہے کہ ١٢٧٤ھ ١٨٥٧ء مین راجہ صاحب ونپرتی کی ضلعداری کے زمانہ مین ان کے پاس سو ٣٠ آدمی سرکاری ملازمت مین منتقل ہوے۔ اسکے بعد غدر ١٢٧٥ھ ١٨٥٧ء مین ان سواروں مین ٥٠ سوار اور شریک کیے گئے۔ اور مجموعی حیثیت سے یہہ سب افغانون اور ڈاکوون کی سرکوبی کے لیے راجہ صاحب ونپرتی کی ماتحتی مین دیے گئے۔

سنہ ١٢٨٠ھ ١٨٦٣ء مین یہہ سوار ضلعبندی سے نکالکر گوشہ محل کی باقاعدہ فوج مین شریک کیے گئے ١٢٨٣ھ ١٨٦٦ء مین رسالہ حبوشش کی سلحداری راجہ صاحب ونپرتی سے سرکار عالی نے خریدلی اور ملکپتھل سے چھاونی اٹھاکر مہاراج گنج (بازار شیدی عنبر) واقع حیدرآباد مین قایم کی۔ ١٢٨٦ھ ١٨٦٩ء تک رسالہ مین سوار بڑہتے رہے اور رفتہ رفتہ ان کی تعداد ٢٥٠ ہوگئی۔ بعد ازان ١٢٨٨ھ ١٨٧١ء مین پچاس سوار بڑہاکر ان کی تعداد پورے ٣٠٠ کردی گئی۔

ماہ ذیقعدہ م فبروری ١٢٨٨ھ ١٨٧٢ء مین اس رسالہ کے لیے کیولری بیانڈ قایم ہوا۔ ١٢٩٠ھ ١٨٧٤ء مین رسالہ مذکور ملکپتھل سے خیریت آباد کو منتقل کیا گیا۔ اور اب تک وہین قایم ہے۔ اس عرصہ مین سوارون اور افسرون کی

بودوباش کے لیے بارکین تعمیر ہوئین - اور آفیس کے لیے عمارتین بنائی گئین - رسالہ کے اخراجات اور تعداد کی کیفیت سنہ ۱۳۱۵ف کے حقیقی موازنہ سے لیکر یہان درج کرتے ہین اسمین گھوڑون کی خریداری اور اُن کی خوراک شامل نہین ہی -

تعداد ابواب معہ تعداد نفر	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم
افسران		سواران ۲۵۳	[illegible]	بموجب تقرر -	[illegible]
کمیشنڈ افسران - ۶	[illegible]	عملہ و ملازمین بیانڈ - ۷۵	[illegible]	ابواب مختصہ	[illegible]
سب کمیشنڈ افسران - ۶	[illegible]	الونس	[illegible]	میزان صادر وغیرہ	[illegible]
نن کمیشنڈ افسران - ۳۴	[illegible]	میزان	[illegible]	صدر میزان رسالہ جوش	[illegible]
میزان افسران - ۴۶	[illegible]	صادر وغیرہ -		۳۷۴	

فرسٹ لانسر — سنہ ۱۲۷۸ھ/۱۸۶۲ء مین قایم ہوا - ماہ ربیع الثانی م جولائی ۱۲۸۸ھ/۱۸۷۱ء مین راجہ صاحب ونپرتی کے سوار اس رسالہ مین شامل ہوئے - انکی تعداد ۳۰۰ تک پائی جاتی ہی - سالانہ اخراجات کا ہمین حال معلوم نہین ہوا - جب آخر ذیقعدہ سنہ ۱۳۱۱ھ مین امپریل سرویس ٹروپس قایم ہوئی تو اس رسالہ سے ۲۰۰ سوار اسکے لیے منتخب ہوئے - اور باقی سوار تھرڈ لانسر مین شریک کردیے گیے - اب گویا اُسکا نام ہی نام ہی -

سکنڈ لانسر — اس رسالہ کے قیام کا حال ہمین معلوم نہین مگر اتنا پتہ چلتا ہی کہ ابتدا مین ۴۲۱ سوار اور ۴۳ بینڈ نواز اس مین شریک تھے بعد ازآن سنہ ۱۲۸۴ھ/۱۸۶۷ء مین ان کی تعداد ۳۲۵ تک پہونچی - سنہ ۱۲۸۴ھ/۱۸۶۷ء مین بیانڈ نواز رسالہ جوش مین شامل کردیے گئے - امپریل سرویس ٹروپس قایم ہونے پر اس رسالہ سے بھی ۲۰۰ سوار اس کے لیے منتخب ہوئے - اور باقی سو سوار تھرڈ لانسر مین شریک کردیے گئے - فرسٹ لانسر کیطرح اب اسکا بھی نام ہی نام باقی ہی -

تھرڈ لانسر — یہہ رسالہ محرم - م فروری سنہ ۱۲۹۲ھ/۱۸۷۵ء مین قایم ہوا - اس مین راجہ شیوراو سررشتہ دار کے سوار بھی شریک کردیے گیے

نوٹ

سنہ ۱۳۱۱ میں جب امپیریل سروس ٹروپس قایم ہوئی تو اسمین سے ۲۰۰ سوار منتخب کیے گئے لیکن اس کمی کو فرسٹ اور سیکنڈ لانسر کے ۲۰۰ سوار شامل کر کے پورا کیا گیا ۔ اور گویا ۳۰۰ سوار دن کا پورا رسالہ ہو گیا ۔ اس موقع پر اسکے نام مین کسی قسم کا تغیر و تبدل واقع نہیں ہوا ۔ اور سابق کیطرح تہرڈ لانسر ہی قایم رہا ۔ صفر م سنہ ۱۳۲۲ھ/۱۹۰۴ء مین بازار شاہی عنبر سے اس رسالہ کی چہاونی خیریت آباد مین منتقل ہوئی ۔ پہلے اسمین بیانڈ بہی تہا مگر اب نہین ہی حقیقی موازنہ کے رو سے اس رسالہ کی تعداد اور رسالانہ اخراجات بابتہ سنہ ۱۳۱۵ ف ذیل مین درج ہین ۔

نام ابواب مع تعداد نفر	رقم	نام ابواب مع تعداد نفر	رقم	نام ابواب مع تعداد نفر	رقم
افسران		سواران ۲۵۹	[illegible]	ابواب مشترکہ	[illegible]
کمیشنڈ افسران ۔ ۵	[illegible]	عملہ و ملازمین ۔ ۳۷	[illegible]	میزان صادر وغیرہ	[illegible]
سب کمیشنڈ ۔ ۱۴	[illegible]	الوئنس	[illegible]		
نن کمیشنڈ ۔ ۲۱	[illegible]	میزان	[illegible]	صدر میزان ۔ ۳۳۶	[illegible]
میزان ۔ ۴۰	[illegible]	صادر بموجب تقرر	[illegible]		

فرسٹ پلٹن

اس پلٹن کے قیام کی تاریخ کا کچھ پتہ نہ چلا مگر یہہ معلوم ہوا ہے کہ پہلے اسکا چہٹا نمبر تہا ۔ ۲۰ ربیع الاول م ۲۵ نومبر سنہ ۱۳۰۴ھ/۱۸۹۴ء سے اسکا نام بدلکر فرسٹ پلٹن رکھا گیا ۔ سنہ ۱۳۱۵ ف کے حقیقی موازنہ کی رو سے اس پلٹن کی تعداد اور رسالانہ اخراجات حسب ذیل ہین ۔

نام ابواب مع تعداد نفر	رقم	نام ابواب مع تعداد نفر	رقم	نام ابواب مع تعداد نفر	رقم
افسران		سب کمیشنڈ افسران ۱۶	[illegible]	میزان ۵۵	[illegible]
کمیشنڈ افسران ۵	[illegible]	نن کمیشنڈ افسران ۳۴	[illegible]	جوانان ۔ ۶۰۵	[illegible]

نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم
عملہ و ملازمین ۵۴	[illegible]	باجہ نوازان ۔ ۲۳	[illegible]	ابواب مشترکہ	[illegible]
الونس ۔	[illegible]	بیانڈ الوانس	۔	میزان صادر	[illegible]
میزان ۶۵۹	[illegible]	صادر بموجب تقرر	[illegible]	صدر میزان ۔ ۷۳۷	[illegible]

سکنڈ پلٹن

ہمین نہ تو اس کے قیام کا حال معلوم ہوا ۔ اور نہ کچھہ واقفیت ہوئی ۔ سنہ ۱۳۱۵ف کے حقیقی موازنہ کی رو سے اس پلٹن کی تعداد اور سالانہ اخراجات یہہ ہین ۔

نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم
کمیشنڈ افسران ۔ ۵	[illegible]	ملازمین ۔ ۵۴	[illegible]	صادر وغیرہ	۔
نان کمیشنڈ افسران ۔ ۱۶	[illegible]	الونس ۔	[illegible]	بموجب تقرر	[illegible]
نن کمیشنڈ افسران ۔ ۲۴	[illegible]	میزان ۔ ۶۵۹	[illegible]	ابواب مشترکہ	[illegible]
میزان ۔ ۵۵	[illegible]	باجہ نوازان ۔ ۳۷	[illegible]	میزان صادر	[illegible]
جوانان ۔ ۶۰۵	[illegible]	بیانڈ الونس ۔	۔	صدر میزان ۔ ۷۵۱	[illegible]

تہرڈ پلٹن

یہاں انفنٹری شعبان م ۱۲۸۳ھ سنہ ۱۸۶۶ء مین قایم ہوئی ۔ سنہ ۱۲۸۶ھ ۱۸۷۰ء مین سوائے یورپین افسروں کے اسکی تعداد ۷۰۰ سو تک پہونچگئی تھی ۔ اسکے سالانہ حقیقی اخراجات معہ تعداد بابتہ سنہ ۱۳۱۵ف درج کئے جاتے ہین ۔

نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم
کمیشنڈ افسران ۔ ۵	[illegible]	سب کمیشنڈ افسران ۔ ۱۶	[illegible]	نن کمیشنڈ افسران ۔ ۲۴	[illegible]

نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم
میزان - ۴۵	[illegible]	میزان ۶۶۷	[illegible]	بموجب تقرر	[illegible]
جوانان - ۶۰۵	[illegible]	باجہ نوازان ۳۳	[illegible]	ابواب مشترکہ	[illegible]
عملہ وملازمین ۶۲	[illegible]	بیانٹہ الوانس	.	میزان صادر وغیرہ	[illegible]
الونس	[illegible]	صادر	.	صدر میزان - ۷۴۵	[illegible]

فوج تمہ پلٹن

اسکو راجہ پلٹن بھی کہتے ہین - ہمین اسکے قیام کا حال معلوم نہ ہوا - مگر یہہ پتہ ملا ہی کہ اس کے باقاعدہ ہونے اور نمبر ملنے کے پہلے ہی سے اس کے پہرہ جات پیشکار کی دیوڑہی پر قایم تھے - اور اب بھی بدستور قایم ہین ۱۸۸۵ء ۱۳۰۳ف مین گولی پورہ دروازہ کے قریب اس پلٹن کی پختہ چھاؤنی تعمیر ہوئی -

سالانہ اخراجات بابتہ ۱۳۱۵ف معہ تعداد درج کیے جاتے ہین -

نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم
افسران		جوانان - ۶۰۵	[illegible]	صادر وغیرہ بموجب تقرر	[illegible]
کمیشنڈ افسران - ۵	[illegible]	عملہ وملازمین ۵۹	[illegible]	ابواب مشترکہ	[illegible]
سب کمیشنڈ افسران - ۱۶	[illegible]	الونس -	[illegible]		
نن کمیشنڈ افسران ۳۴	[illegible]	میزان - ۶۶۴	[illegible]	صدر میزان - ۷۵۲	[illegible]
میزان ۵۵	[illegible]	باجہ نوازان - ۳۳	[illegible]		

فتح انفنٹری

یہہ انفنٹری ۱۲۸۱ف ۱۸۶۵ء مین قایم ہوئی - اسکو کیپل رجمنٹ بھی کہتے ہین - اسکا تعلق سالار جنگ اسٹیٹ سے ہی فوج باقاعدہ گوشہ محل سے کوئی واسطہ نہین -

سکل انفنٹری

۱۲۷۹ف ۱۸۶۲ء مین قایم ہوئی مگر کسی انتظامی ضرورت کے لحاظ سے ۲۰ دے م ۲۵ نومبر ۱۸۹۴ء ۱۳۰۴ف کو توڑ دی گئی -

اور اسکے کارآمد جوان دوسرے پلٹنون مین شریک کیے گئے ۔

توپخانہ
محرم - م جولائی ۱۸۶۱؁ ۱۲۷۸؁ مین ۶ توپون کے چھکڑے - ۱۸ - بیل اور ۱۲ اسپاہی ایک یورپین کی ماتحتی مین دئے گئے - توپخانہ قایم ہونیکی گویا یہی ابتدا تھی - اسی سال جمادی الثانی ۱۲۷۸؁ مین ۶ توپون اور ۱۱۸ آدمیونکا اضافہ ہوا - جمادی الاول م نومبر ۱۸۶۲؁ ۱۲۷۹؁ مین راجہ صاحب ونپرتی کے علاقہ کی ۶ توپین اور ۴۰ - آدمی اور شریک کیے گئے - ربیع الاول م اگست ۱۸۶۴؁ ۱۲۸۱؁ مین ۱۸ - توپین اور آئین جن مین سے ۹ بکارآمد تھین - باقی بیکار بیکار توپین یون ہی ڈال دی گئین اور کارآمد توپون مین ہاتھی جوتے جانے لگے - اسی سنہ مین توپخانہ کا بھانڈ قایم ہوا - ربیع الاول م اگست ۱۸۶۵؁ ۱۲۸۲؁ مین ۱۲ - گزنال اور ۹ توپین سکندرآباد کے انگریزی توپخانہ سے آئین - اسکے بعد تمام توپون کو ترتیب دیکر ۲ بیٹریان قایم کی گئین - اور ہر بیٹری مین ۶ توپون کا ہونا لازمی قرار پایا - ربیع الاول م جولائی ۱۸۶۶؁ ۱۲۸۳؁ مین ان توپون مین گھوڑے جوتے گئے - اور فرسٹ نمبر بیٹری نام رکھا گیا - اسیطرح بیل جوتنے کی ۳ بیٹریان قایم ہوئین - لیکن چند روز کے بعد ان سب کی ایک مستقل بیٹری قایم کرکے بیلون کے بجائے گھوڑے استعمال کرنا شروع کیے - اسکا نام سیکنڈ بیٹری ہی ہے - گھوڑون اور بیلون کی خرید اور اُن کے خرچ خوراکی کے علاوہ ۱۳۱۵ف کے سالانہ اخراجات اور آدمیونکی تعداد ہم ذیل مین درج کرتے ہین ۔

نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم
افسران کمیشنڈ افسران - ۸	[illegible]	ملازمین معہ بانڈ نوازان - ۲۰۶	[illegible]	ابواب مختصہ	[illegible]
نن کمیشنڈ افسران - ۷	[illegible]	الونس	[illegible]		
نن کمیشنڈ افسران - ۱۳	[illegible]	میزان مشاہرہ - ۲۰۶	[illegible]	میزان صادر	[illegible]
میزان افسران - ۲۸	[illegible]	صادر	.	میزان میزان اخراجات توپخانہ -	[illegible]
گولندازان - ۱۸۷	[illegible]	صادر بموجب تقرر -	[illegible]	۴۲۱	

کمسریٹ
اسکے ابتدائی قیام کا حال معلوم نہین ہوا - اسکے ذریعہ سے رسد رسانی کا انتظام ہوتا ہے - اور باربرداری کیلیے

گاڑیاں ہر وقت موجود رہتی ہیں ۔ سنہ ۱۳۱۵ف کے حقیقی موازنہ کی رو سے اس سال ... روپے خرچ ہوئے جس میں رسالہ حبوش و توپخانہ کی خریدی اسپان و خوراک شامل ہے ۔

میڈیکل افسر — سنہ ۱۲۷۹ھ / ۱۸۶۲ء میں فوج باقاعدہ گوشہ محل کے لیے میڈیکل افسر کا تقرر ہوا ۔ اور اسپر سرجن میک کالم انسپکٹر آف دی ہاسپٹل کے عہدہ پر مقرر کیے گئے حقیقی موازنہ سنہ ۱۳۱۵ف کے رو سے ... خرچ دواخانہ کا ہے ۔

وردیان — شوال م فروری سنہ ۱۲۸۵ھ / ۱۸۶۹ء میں فوج باقاعدہ گوشہ محل کے تمام رسالوں اور پلٹنوں کو ایک وضع کی وردیان تقسیم ہوئیں ۔

بندوقین — پہلے تمام پلٹنوں کو پھولدار بندوقین دی گئی تھیں اور انہیں سے کام لیا جاتا تھا ۔ بعد ازاں اوائل ماہ آذر سنہ ۱۳۱۵ف میں انگریزی فوج سے ہنری مارٹن تھرڈ ہینڈ بندوقین منگا دی گئیں ۔ پہلے صرف فرسٹ ۔ سیکنڈ اور تھرڈ انفنٹری کو بندوقین ملی تھیں لیکن چند ماہ بعد فورتھ انفنٹری کو بھی اسی قسم کی بندوقین دی گئیں ۔ اور رسالہ حبوش کو بھی دی گئیں ۔

متفرق امور — ۱ ۔ ۲۶ ذیحجہ م ۲۵ جون سنہ ۱۲۷۸ھ / ۱۸۶۲ء کو میجر راک تمام فوج باقاعدہ پر انسپکٹر جنرل کے عہدہ سے مقرر ہوئے بعد ازاں ربیع الاول ۔ م ۔ اگسٹ سنہ ۱۲۸۳ھ / ۱۸۶۶ء سے اس عہدہ کا نام کمانڈر کا لقب قرار دیا گیا ۔ ۲ ۔ مسٹر نیول عہدہ کپتنی سے عہدہ میجری پر ۱۷ ۔ دسمبر سنہ ۱۸۷۴ء کو مقرر ہوئے ۔ ۳ ۔ ۱۷ دسمبر سنہ ۱۸۷۴ء کو کپتان ٹی ۔ ڈی جی ۔ مکارٹی کو میجر کا درجہ عطا ہوا ۔ ۴ ۔ بہ سبب انتقال کرنل نیول کمانڈر افواج باقاعدہ حسب الحکم اعلیحضرت قدر قدرت ۱۲ صفر م ۱۴ جولائی سنہ ۱۳۱۵ھ / ۱۸۹۷ء کو لفٹننٹ کرنل افسر الملک بہادر نے فوج باقاعدہ کمانڈری کا چارج لیا ۔

گولکنڈہ برگیڈ

توپخانہ — یہہ توپخانہ پہلے جبشی کے نام سے موسوم تھا ۔ بعد ازاں توڑ کر نظم جمعیت میں شریک کیا گیا ۔ اور اسکے سررشتہ دار راجہ درگا پرشاد مقرر ہوئے ۔ ۱۷ ذیقعدہ م ۲۹ اگسٹ سنہ ۱۳۰۱ھ / ۱۸۸۴ء کو توپخانہ کرنل نواب افسر الملک بہادر کی ماتحتی میں دیا گیا ۔ اور گولکنڈہ برگیڈ میں شامل ہوا ۔ راجہ درگا پرشاد سررشتہ دار

اور چودھری بالکشن داس علاقہ رتھ خانہ سرکار عالی کی سعی اور کوشش سے باقاعدہ آراستہ کیا گیا۔ چودھری بالکشن داس پہلے صوبہ دار تھے پھر لفٹننٹ مقرر ہوئے۔ اس توپخانہ مین ۶ توپین اور ۶۰ بیل ہین حقیقی موازنہ کی روسے ۱۳۱۵ ف کے اخراجات کا نقشہ ذیل مین درج ہی۔

نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم
افسران		گولندازان وغیرہ - ۱۳۹		خوراکی خرگاوان توپخانہ	[illegible]
کمیشنڈ افسران - ۳	[illegible]	الونس	[illegible]	و مد مختصہ	
نن کمیشنڈ افسران و سب	[illegible]	میزان - ۱۴۲	[illegible]	ابواب مشترکہ	[illegible]
کمیشنڈ افسران و جوانان و		صادر بموجب تقرر -	[illegible]	میزان توپخانہ - ۱۴۲	[illegible]

رسالہ پہلے صاحب رزیڈنٹ بہادر سر رچرڈ میڈ کی سفارش سے کپتان قاسم علیخان رسالہ گولکنڈہ کے کمانڈر مقرر ہوئے تھے۔ جب انھون نے ۱۱ جمادی الاول سنہ ۱۳۰۱ کو ۶ ماہ کی رخصت لی تو رسالہ کی کمان کرنل نواب افسر الملک بہادر کے سپرد کی گئی۔ اسوقت رسالہ مین سوارونکی تعداد ۳۰۰ سے زیادہ نہ تھی۔ آپ نے اپنے زمانہ مین رسالہ کو باقاعدہ طور پر آراستہ کیا اور انہین کے زمانہ مین کیولری مینٹ قایم ہوا۔ چند سال کے بعد نواب عالم علیخان مرحوم (دلاور نواز جنگ) علاقہ نظم جمعیت کے ۳۰۰ سوار لیکر اس رسالہ مین شریک کردیے گئے اور رسالہ کے سوارونکی تعداد ۶۰۰ تک پہونچ گئی۔ جب امپیریل سروس ٹروپس قایم ہوئی تو اس رسالہ کے ۳۰۰ سوار اسمین شریک کردیے گئے۔ اس رسالہ کے اخراجات کا تخمینہ ہم سنہ ۱۳۱۵ ف کے حقیقی موازنہ کی روسے ذیل مین درج کرتے ہین۔

نام ابواب معہ تعداد نفری	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفری	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفری	رقم
افسران		کمیشنڈ افسران و کمیشنڈ افسران ۲۳	[illegible]	نن کمیشنڈ افسران ۴۳	[illegible]

نام الابواب معہ تعداد نفری	رقم	نام الابواب معہ تعداد نفری	رقم	نام الابواب معہ تعداد نفری	رقم
میزان افسران - ۱۱	[illegible]	ملازمین غیر جنگی و پیادہ ۳۰	[illegible]	صادر معہ الابواب مختصہ	[illegible]
سواران - ۲۲۹	[illegible]	الونس -	[illegible]	صدر میزان - ۳۷۳	[illegible]

پلٹن

ابتدا مین مختلف لوگون کو علاقہ نظم جمعیت کے مختلف سررشتون سے انتخاب کیا - انکی تعداد ۰۰ ۸ تھی - اس جماعت کو رجمنٹ کے نام سے موسوم کیا - اور کپتان لوئیس ڈگلاس کمانڈر پیدل رجمنٹ چہارم باقاعدہ اسکے افسر مقرر کیے گئے - لیکن ۱۷ ربیع الثانی سنہ ۱۳۰۱ھ کو کپتان صاحب کے بجائے نواب افسر الملک بہادر اسکے افسر اعلی مقرر ہوئے -

نواب صاحب کو رجمنٹ کے پورے اختیارات دیے گئے - اور انہون نے ۵ جمادی الثانی سنہ ۱۳۰۱ھ کو کمی دروازہ مین قلعہ گولکنڈہ کے اندر اس رجمنٹ کی چھاونی ڈالی - بعد ازان علاقہ نظم جمعیت سے بھولا ناتھ کمندان سررفتہ گوبند پرشاد اور علاقہ گلاب سنگھ کمندان کی لین کے سپاہی اس رجمنٹ مین شریک کیے گئے - اور افسر مقرر ہوئے - ابتدا مین نہ تو ہتیار درست تھے اور نہ وردیان ایک وضع کی تھین اس لیے سپاہیون کو ایک وضع کی وردیان دی گئین - اور بنسی راجہ کے کارخانہ کی تیار کی ہوئی بندوقین ملین - رجمنٹ مین شریک ہونے کے وقت پہلے سپاہیون کو ۷ ماہوار ملتی تھی مگر بعد کو ۸ کر دیے گئے - اسکے چند روز بعد جسطرح گوشہ محل کی باقاعدہ فوج کو تنخواہ ملا کرتی تھی اسیطرح انکی تنخواہ بھی مقرر ہوئی - سنہ ۱۳۱۵ف مین اس رجمنٹ کو تھرڈ ہنڈ ہنری مارٹن بندوقین دی گئین - اس رجمنٹ کے حقیقی اخراجات بابتہ موازنہ سنہ ۱۳۱۵ف ذیل مین درج ہین -

نام الابواب معہ تعداد نفری	رقم	نام الابواب معہ تعداد نفری	رقم	نام الابواب معہ تعداد نفری	رقم
افسران		نن کمیشنڈ افسران - ۷۷	[illegible]	جوانان - ۵۵۷	[illegible]
کمیشنڈ و سب کمیشنڈ افسران - ۲۳	[illegible]	میزان افسران - ۱۰۰	[illegible]	بیانڈ نوازان - ۳۷	[illegible]

نام ابواب معہ تعداد نفری	رقم	نام ابواب مع تعداد نفری	رقم	نام ابواب مع تعداد نفری	رقم
ملازمین (غیر جنگی) ۶۴ الونس	[illegible] / [illegible]	صادر بموجب تقرر و ابواب مشترکہ۔	[illegible]	صدر میزان - ۵۸،	[illegible]

۱۳۔ ذیقعدہ سنہ ۱۳۰۱ روز پنجشنبہ کو فوج گولکنڈہ نواب افسر الملک کی نگرانی مین دی گئی۔ اور جمعیت نظام محبوب (فوج میسرم) بھی نواب ممدوح کے ماتحت کردی گئی۔ مولوی محمود صاحب ناظم نظم جمعیت نے ہتیار بنانیکا کارخانہ قایم کیا تھا۔ اُسکو اُسی تاریخ نواب موصوف کے ماتحت کیا گیا۔ جو قلعہ گولکنڈہ مین موجود ہے

پرنس باڈیگارڈ افریکن لانسر

۲۶۔ شہر یور م ۱۲۹۹ف ۴ اگسٹ سنہ ۱۸۹۰ع کو رسالہ جوش جو اب پرنس باڈیگارڈ افریکن لانسر کے نام سے موسوم ہے۔ نواب سر آسمانجاہ مرحوم کے عہد وزارت مین قایم ہوا۔ اسکے ابتدائی حالات یون ہین کہ جمعداران علاقہ نظم جمعیت سے جوش منتخب ہوئے اور ضعیف سلحداروں کے گھوڑے لیکر ان کی سواری مین دئے گئے۔ اسوقت اس رسالہ کے سوارونکی تعداد ۰۰۰ اتھی۔ اور نواب صف افگن جنگ (نواب تاٹر بن) اسکے کمانڈر تھے۔ رسالہ کی چھاونی بھی تاٹر بن ہی مین قایم ہوئی تھی لیکن جب ۶ آذر م ۱۳۰۵ف ۱۲ اکتوبر ۱۸۹۵ع کو صف افگن جنگ کے بجائے نواب افسر الملک بہادر اس کے کمانڈر مقرر ہوئے تو انہون نے اسکی چھاونی ملک پیٹھہ مین قایم کی اور پرنس باڈیگارڈ افریکن لانسر اسکا نام رکھا۔ یہہ رسالہ صاحبزادہ نواب میر عثمان علیخان بہادر ولیعہد کے بدرقہ کا کام دیتا ہے حقیقی مواز نہ کی رو سے سنہ ۱۳۱۵ف مین سوارونکی تعداد ۱۱۲۔ اور سالانہ خرچ [illegible] ہے۔

نظام محبوب اسکو فوج میسرم بھی کہتے ہین - ۱۶ - خورداد م ۱۲۸۰ف ۲۷ اپریل ۱۸۷۱ع کو بمقام محل تاراتی واقع قلعہ گولکنڈہ قایم ہوئی لیکن ۲۰ ماہ مذکور م یکم مئی کو وہان سے کیشوگری عرف چنارائی گٹہ کو منتقل کی گئی بعد ازان ۱۱ تیر م ۳ جون ۱۲۸۰ف ۱۸۷۱ع کو یہ جمعیت کیشوگری سے میسرم روانہ کی گئی اور وہان ۱۳ شہریور سنہ ۱۲۸۲ف کو اس جمعیت کے ۰۰۰ اجلان کردیے گئے۔ یکم مہر م ۱۲۸۳ف ۱۴ اگسٹ ۱۸۷۳ع کو کوتوالی سے افغانی جمعیت منتقل کرکے اس مین

شریک کی گئی۔ ۱۰ آبان ۱۲۹۶ف ۱۵ ستمبر ۱۸۸۶ء کو جمعیت کا ہیڈ کوارٹر بیسرم کے بجائے کیشوگری مقرر ہوا۔ اس جمعیت مین سواے عربون اور روہیلون کے اور کوئی قوم شریک نہین۔ جب گولکنڈہ برگیڈ نواب افسر الملک بہادر کے تحت مین ہوا تو اس جمعیت کے افسر بھی وہی مقرر ہوئے۔ سنہ ۱۳۱۵ف کے حقیقی اخراجات کا تختہ موازنہ کی روسے ذیل مین درج ہے۔

نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم	نام ابواب معہ تعداد نفر	رقم
افسران سرگروہ	•	حوالداران۔ ۴۲	[illegible]	صادر بموجب تقرر۔	[illegible]
عہدہ داران ماتحت۔ ۱۹	[illegible]	نایکان۔ ۸۰	[illegible]	ابواب مشترکہ	[illegible]
میزران افسران۔ ۱۹	[illegible]	بیوگلرس۔ ۱۰	[illegible]	ابواب مختصہ	[illegible]
علمہ۔ ۱۰	[illegible]	جوانان۔ ۸۶۶	[illegible]	میزران جمعیت۔ ۱۲۲۸	[illegible]
صوبیداران ۱۱	[illegible]	بیانڈ نوازان۔ ۲۶	[illegible]	متعلقہ شفاخانہ۔ ۱۶	[illegible]
جمعداران ۲۱	[illegible]	زمرہ طفلان و ملازمان۔ ۱۳۳	[illegible]	صدر میزران جمعیت	[illegible]
کلرحوالداران ۱۰	[illegible]	الاونس	[illegible]	نظام محبوب۔ ۱۲۳۴	[illegible]

والنٹیر

نظام والنٹیر

جمادی الثانی ۱۳۰۲ھ م اپریل ۱۸۸۵ء مین نواب سالارجنگ ثانی وزیر دکن نے صاحب رزیڈنٹ مسٹر کارڈری کی معرفت گورنمنٹ ہند سے تحریک کی کہ حیدر آباد مین ماؤنٹیڈ والنٹیر قائم ہونے کی اجازت دیجائے تو سرکار عظمت مدار نے نہایت خوشی کے ساتھ اسکی منظوری دی اور اسطرح ملک کی ایک متقدر جماعت کو فنون سپہ گری سیکھنے کا موقعہ ملا۔ ۳۔ رجب ۱۳۰۲ھ کو نواب صاحب نے حیدر آباد کے معززین اور جمعداروں کا ایک جلسہ منعقد فرمایا۔ اور حاضرین کو مخاطب کر کے کہا کہ جن صاحبون کو ملک کی خدمت کرنی منظور ہو وہ اپنے ذاتی اخراجات سے والنٹیر کورس مین شریک ہون۔ آپ کی تحریک کچھ ایسی موثر تھی کہ اس جلسہ کے اندر ۹۸ معززین نے کورس کی فہرست مین نام درج کرائے۔ رفتہ رفتہ اسکو ترقی ہوئی اور بہت سے شرفا

اس مین شریک ہو گئے - مہر سنہ ۱۲۹۸ف مین شرکار کی تعداد ۱۲۵ تک پہونچ گئی - پہلے اس مین "دارالتفریح" کے نام سے ایک کلب تھا - مگر ۲۱ شعبان سنہ ۱۳۱۳ھ / ۱۲۹۵ف کو اس کلب کا نام بدل کر والنٹیر کلب رکھا لیا - ابتدا مین صدر محبس کے پیچھے میدان مین قواعد ہوا کرتی تھی - پھر چند روز کے لیے باغ عامہ مین اسکا کیمپ قایم ہوا - اور فتح میدان مین قواعد ہوتی رہی - نواب منیر الملک اور راجہ مرلی منوہر بہادر اپنی ڈیوٹی پر تشریف لایا کرتے تھے - مسٹر ہارون قاسم کی شاپ سے اس کورس کے تمام شرکا کیلیے ایک ہی وردی تیار کرائی گئی - اور انکی قیمت ہر شخص سے دلائی گئی - ۱۶ رمضان سنہ ۱۳۰۲ھ کو جب اعلیحضرت قدر قدرت حضور بندگانعالی کوہ نیلگری سے مراجعت فرمائے بلدہ ہوئے تو والنٹیر گارڈ اپنی خوش وضع وردیان پہنے ہوئے باقاعدہ اسٹیشن پر موجود تھا - اور اس نے اسٹیشن سے مبارک خلوت تک حضور انور کی سواری کے ساتھ بدرقہ کی ڈیوٹی ادا کی - بندگانعالی کو اس سے از حد مسرت ہوئی - اور حضور پرنور نے اپنی خوشی کا اظہار یون فرمایا کہ ۲۵ رمضان سنہ مذکور کو فتح میدان تشریف لے گئے اور والنٹیرون کی قواعد ملاحظہ فرمائی - اس روز بھی اس جماعت نے سواری مبارک کے بدرقہ کی خدمت انجام دی - بعد ازان نواب سالار جنگ ثانی اور نواب سر آسمانجاہ بہادر نے اسکی جانب توجہ کم کردی اس لیے اس کی پہلی سی حالت نہ رہی -

سنہ ۱۲۹۸ف مین سرکار عالی کی جانب سے اس کے خرچ کے لیے عہ للعہ ماہانہ مقرر ہوئے مگر اس پر عمل درآمد نہ ہوا - بعد ازان اس رقم مین ایک دم سے تخفیف کردی گئی اور للعہ مقرر ہوئی - یہہ رقم سنہ ۱۳۰۳ف تک خزانہ شاہی سے ملتی رہی - اور سنہ ۱۳۰۴ف مین اسکا ملنا موقوف ہوگیا - باوجود سرکاری امداد بند ہو جانے کے کورس کے ملازمین ماہوار رہا ب بلا تنخواہ ڈھائی سال تک اپنی خدمت بجالاتے رہے اور امدادی رقم کے لیے سرکار مین بہت کوشش کرنے کے بعد ۱۳ آبان سنہ ۱۳۰۶ف کو کبنٹ کونسل مین یہہ طے پایا کہ اس کورس کے لیے عہ ماہانہ روپیہ سالانہ بطور امداد سرکار سے ملا کرین - اسکے بموجب ابتک یہ رقم جاری ہے - ۵ ذیقعدہ سنہ ۱۳۰۷ھ کو نواب نظام یار جنگ خان خانان بہادر (معین المہام فوج) سرکردہ نظم والنٹیر مقرر ہوئے - وسط ماہ صفر سنہ ۱۳۲۶ھ مین کپتان ممتاز یار الدولہ مگر انکا روالنٹیر بنائے گئے -

پہلے اسکی کپتان احمد صاحب اڈجوٹینٹ تھے۔ جب ۲۲ شوال ۱۳۱۸ھ کو انھون نے انتقال کیا تو انکی بجائے کپتان سوبہار او صاحب اسکے کمانڈر افسر مقرر ہوئے۔ (آپکا بھی انتقال ہوگیا)

برٹش والنٹیر شعبان م جولائی ۱۲۹۹ھ/۱۸۸۲ء کو برٹش والنٹیر قایم ہوا۔ اسمین سکندر آباد اور چادرگھاٹ کے باشندون کے لیے ۲ جدا جدا کمپنیان بنائی گئین۔ والنٹیر کا کلب کئی بار قایم ہوا اور شکست ہوا۔ اب اسپریل پوسٹ آفس کے قریب اسکا ایک کلب موجود ہی۔

حالات فائر توپ فائر توپ روزانہ۔ ۱۰ شوال م ۱۲ ڈسمبر ۱۲۸۹ھ/۱۸۷۲ء سے صبح کے ۴ بجے۔ ۲ پہر کے ۱۲ بجے اور شب کے ۸ بجے ۹ پونڈ والی توپ مین ڈیڑہ پونڈ کی تھیلی ڈالکر توپخانہ گوشہ محل کی جانب سے حوض گوشہ محل پر روزانہ فیر ہونا شروع ہوا۔ بعد ازین آخر ۱۳۰۴ھ/۱۸۸۸ء سے ۸ پونڈ کی توپ مین چار پونڈ کی تھیلی ڈالکر حسب معمول۔ ۳ مرتبہ گوشہ محل کے حوض پر فائر ہونا شروع ہوا۔ لیکن اسکی آواز زیادہ ہونے کے سوائے دھماکا بھی زیادہ ہوتا تھا۔ اور اندیشہ تھا کہ گوشہ محل کے قرب و جوار کے مکانات کو صدمہ نہ پہنچے۔ اس لیے ۲۹ ذیحجہ م ۱۸ اسپٹمبر ۱۳۰۴ھ/۱۸۸۷ء سے گوشہ محل کے بجائے خیریت آباد سے فیر ہونا شروع ہوا۔ اب بھی وہین سے فائر ہوتا ہی۔

فائر توپ چاندرات ۳۰ ذیقعدہ م ۱۷ ڈسمبر ۱۲۹۳ھ/۱۸۷۶ء سے چاندرات کی علامت ظاہر ہونیکی غرض سے ۳ فیر ہونیکا آغاز ہوا۔ اسکا سلسلہ ابتک جاری ہی۔

فائر توپ بعد نماز عیدین ۱۰ ذیحجہ ۱۲۸۹ھ/۱۸۷۲ء سے عید قربان کے خطبہ کے بعد توپ کا فیر ہونا آغاز ہوا اور ۱۲۹۰ھ سے عید رمضان کے روز بھی فیر ہونا شروع ہوا۔ اسکا سلسلہ بھی ابتک جاری ہی۔

فائر توپ بوقت آغاز لنگر ۵ محرم ۱۲۹۰ھ/۱۸۷۳ء سے بزمانہ میجر راک سرگروہ فوج باقاعدہ لنگر نکلنے کی علامت عام طور پر ظاہر ہونے کی غرض سے دہلی دروازہ کے قریب موسی ندی مین ایک توپ فیر ہونا شروع ہوئی۔ اور چند سال تک اسکا سلسلہ جاری رہا اسکے بند ہونیکا سنہ ہمین معلوم نہین ہوا۔

اعلیحضرت کے اعزاز مین فیر ۹ جمادی الثانی ۱۲۹۱ھ/۱۸۷۴ء سے گوشہ محل کے توپخانہ سے عند الضرورت اعلیحضرت بندگانعالی کے اعزاز مین ۲۱ توپین سر کی جاتی ہین مگر اس کے قبل جلسی کے توپخانہ سے سلامی ہوا کرتی تھی

سلامی صاحب رزیڈنٹ ۵ ذیقعدہ م ۱۴ ڈسمبر ۱۲۹۲ھ/۱۸۷۵ء سے توپخانہ گوشہ محل سے صاحب رزیڈنٹ کے

آمد و رفت کے موقع پر ۱۳ - توپین سر ہوتی ہین اور اسکے قبل جلسی کے توپخانہ سے سر ہوتی تھین -

فائر توپ از مقام حویلی قدیم - ابتدائے ماہ تیرم ماہ مئی ۱۸۸۴ء ۱۲۹۳ف سے صبح کے ۴ بجے دن کے ۱۲ بجے - اور حویلی قدیم
شب کے ۸ بجے حویلی قدیم سے روزانہ توپین فیر ہونا شروع ہوئین - فیر کے اخراجات کی نسبت اختلاف ہی
سرکار سے ماہ ماہانہ کی منظوری تھی مگر موجودہ اخراجات کے لحاظ سے ۵ سے ۶ تک بارود وغیرہ مین
صرف ہوتے تھے -

سنہ ۱۳۱۴ف سے اس فیر کے اخراجات کا تعلق علاقہ صرف خاص کے بجائے قلعہ گولکنڈہ سے ہوگیا - پہلے توپ کے
فیر کرنے کے لیے سوا سیر سے زیادہ بارود صرف ہوتی تھی لیکن اس سے دہما کا ہوتا تھا - اسوجہ سے حضرت بندگانعالی
کے ارشاد کے بموجب تین پاؤ کی تھیلی ڈالی شروع ہوئی - اب بھی اسی پر عملدر آمد ہے -

فائر توپ ماہ صیام - ماہ رمضان مین سحر اور افطار کے موقع پر جو توپ فیر ہوتی ہی اسکی ابتدا کا سنہ ہمین نہین ملا ماہ صیام
لیکن یہہ کہا جاسکتا ہو کہ حضور انور کی حکمرانی کے ۴-۵ سال کے بعد اسکا آغاز ہوا -

۲۸ رمضان م ۲۱ جون ۱۸۸۷ء ۱۳۰۴ف کو ملکہ سلطنہ قیصر ہند کے پنجاہ سالہ جشن جبلی کا جلسہ تمام ہندوستان مین منایا گیا سلامی سالگرہ
اُس تقریب مین سکندر آباد کے پریڈ گراؤنڈ پر برٹش فوج نے سلامی دی - اور اسمین فوج باقاعدہ سرکارعالی
بھی شریک تھی -

۶ ربیع الثانی م ۲۲ جنوری ۱۸۸۵ء ۱۳۰۲ف سے نواب افسر الملک بہادر کمانڈر کے سرکردگی مین لنگر حوض کے
میدان مین اعلیحضرت قدر قدرت کے سالگرہ مبارک مین سلامی دینے کا طریقہ جاری ہوا - اور اسمین صرف
گولکنڈہ برگیڈ اور فوج بیسرم شریک ہوتی تھی لیکن فوج باقاعدہ گوشہ محل مین سالگرہ کی سلامی کا طریقہ
کس سنہ سے جاری ہوا - اسکا پتہ نہ چلا صرف اسقدر معلوم ہوا ہو کہ سالگرہ مبارک کے روز آصف نگر کے
میدان مین فوج باقاعدہ کی (صبح مین) سلامی ہو چکنے کے بعد نواب مدار المہام وغیرہ یہان سے
فارغ ہو کر لنگر حوض گولکنڈہ برگیڈ کی سلامی ملاحظہ کرنے کے لیے تشریف لیجایا کرتے تھے - چند سال کے بعد
دونون فوجون کی سالگرہ کی جداگانہ سلامی کا طریقہ موقوف ہوا - بزمانہ کرنل نیول سرکردہ فوج باقاعدہ
گوشہ محل لنگر حوض کے میدان مین دونو فوجون نے سلامی دینا شروع کی اور اب تک وہی طریقہ جاری ہی -

متفرق امور

۱۱ ذیقعدہ م ۲۷ ستمبر ۱۸۸۴ء ۱۳۰۱ف سے ایوان شاہی پر فوج میسرم کے پہرہ جات قایم ہوئے۔

ماہ ذیحجہ م ماہ اکتوبر ۱۸۸۵ء ۱۳۰۳ف سے پلٹن صرف خاص نواب افسر الملک بہادر کے زیر نگرانی کردی گئی

اور ۱۳۰۵ھ مین پلٹن مذکور کی چھاونی ملک پیٹھہ مین تعمیر ہوئی۔

۱۴ شوال م ۲۹ مارچ ۱۸۹۶ء ۱۳۰۵ف سے فتح میدان مین بوقت شب ملٹری ٹورنمنٹ کا آغاز ہوا۔ اور

۵ روز تک شب مین فوجی کرتب ہوتے رہے۔

۵ رجب ۱۳۱۹ھ ۱۳۱۱ف کو کپتان نواب عثمان یار الدولہ متعلقہ رسالہ قلعہ گولکنڈہ عہدہ اعزازی کپتان اور

سب لفٹنٹ شاہ مرزا بیگ متعلقہ رسالہ فسٹ لانسرز امپیریل ٹروپس دحال اڈیکانگ مہاراجہ مدالمہام

کو عہدہ اعزازی لفٹنٹ علاقہ باڈی گارڈ کے عہدہ پر سرفرازی ہوئی۔ اور ۳ اسفندار م ۵ جنوری ۱۹۰۷ء ۱۳۱۶ف کو

کپتان نواب عثمان یار الدولہ میجری کے رینک سے سرفراز فرمائے گئے۔

۲۰ رمضان ۱۳۲۰ھ اعلیحضرت نے بمراحم خسروانہ افسران مندرجہ ذیل کو بتاریخ ۲ نومبر ۱۹۰۲ء ۱۳۱۲ف

اپنی باڈی گارڈ کے آنریری کپتانی کا درجہ عطا فرمایا۔ کپتان ہاشم نواز جنگ بہادر۔ رسالہ دوم

حیدرآباد امپیریل ٹروپس کپتان ممتاز یار الدولہ بہادر سرکردہ پلٹن صرف خاص آنریری

کپتان گیسو دراز خان علاقہ رسالہ گولکنڈہ۔ ~~۱۹ رمضان ۱۳۲۲ھ کو مرض نمونیا سے~~

۱۹ رمضان ۱۳۲۲ھ کو مرض نمونیا سے عین عالم شباب مین انتقال ہوا۔ آپ

قلعہ گولکنڈہ کے قلعہ دار اور نواب افسر الملک بہادر کے داماد بھی تھے۔

۲۶ رمضان م ۲۳ ڈسمبر ۱۹۰۲ء ۱۳۱۲ف کو حضور شہنشاہ ہند نے میجر نواب

افسر الملک بہادر سی۔ آئی۔ ای۔ کمانڈر فوج باقاعدہ سرکار عالی کو اپنی فوج مین اعزازی

لفٹننٹ کرنل کے عہدہ پر ترقی فرمائی۔

پیشگاہ اقدس سے بکمال مراحم خسروانہ کپتان ماہر الدولہ بہادر مستقل معتمد فوج کو ۱۳ اردی بہشت م

۱۶ مارچ ۱۹۰۶ء ۱۳۱۵ف کو میجری کا رانک مرحمت ہوا۔

۱۸ رمضان ۱۳۲۴ھ کو عربون نے تنخواہ کے بارے مین وزیر یار الدولہ ناظم نظم جمعیت کو دفتر مین روک لیا تھا

جسپر ۲۱۲ عربون کو تنخواہ دیکر ۲۲ شوال ۱۳۲۴ھ روز یکشنبہ کو ٹرین مین بحفاظت گارڈ نظم جمعیت بمبئی روانہ کیے گئے۔

صدر تختہ اخراجات امپریل سروس ٹروپس بابتہ ۱۳۱۵ف

جنگی	غیر جنگی	نام ابواب	رقم	جنگی	غیر جنگی	نام ابواب	رقم
۲	۶	کمانڈر اسٹاف	[illegible]			متفرق	[illegible]
۴۰۷	۴۰	اول لانسر	[illegible]	۸۱۶	۸۶	میزان	[illegible]
۴۰۷	۴۰	دوم لانسر	[illegible]	۰	۰	۰	۰

صدر تختہ حقیقی اخراجات فوج باقاعدہ بابتہ ۱۳۱۵ف

جنگی	غیر جنگی	نام ابواب	رقم	جنگی	غیر جنگی	نام ابواب	رقم
۰	۵۱	دفتر معتمد فوج۔	[illegible]	۶۶۰	۹۲	چوتھی پلٹن	[illegible]
